# Quran

## With

## Urdu Translation

# Surah 38 – 41

QuranWithUrdu.com

Urdu Translation

By

Maulana Fateh Muhammad Jalandhari

-.-

Arabic Words Translation

from

Quran.com

-.-

Highlights

by

QuranWithUrdu.com

-.-

Hardcopy Size 9in x 6in

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِينَ وَتُنْذِرَ
بِهِ قَوْمًا لُدًّا

اللہ

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

محمد Rasool Allah
(صلی اللہ علیہ وسلم)

(اے پیغمبر) ہم نے یہ (قرآن)
تمہاری زبان
میں آسان (نازل) کیا ہے تاکہ

تم اس سے پرہیزگاروں کو خوشخبری پہنچا
دو اور جھگڑالوؤں کو ڈر سنا دو

Quran 19-97

# SURAH 38

# (38/114)

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ص ۚ وَالْقُرْآنِ ذِي الذِّكْرِ

ص۔ قسم ہے اس قرآن کی جو نصیحت دینے والا ہے (کہ تم حق پر ہو)

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 38-1

بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي عِزَّةٍ وَشِقَاقٍ

Known human behaviors

مگر جو لوگ کافر ہیں وہ غرور اور مخالفت
میں ہیں

illogical / unjust

Quran 38-2

كَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَلَاتَ حِينَ مَنَاصٍ

الله

ہم نے ان سے پہلے بہت سی اُمتوں کو ہلاک کردیا تو وہ (عذاب کے وقت) لگے فریاد کرنے اور وہ رہائی کا وقت نہیں تھا

Quran 38-3

وَعَجِبُوا أَنْ جَاءَهُمْ مُنْذِرٌ مِنْهُمْ ۖ وَقَالَ الْكَافِرُونَ هَٰذَا سَاحِرٌ كَذَّابٌ

## Known human behavior

اور انہوں نے تعجب کیا کہ ان کے پاس
ان ہی میں سے ہدایت کرنے والا آیا اور
کافر کہنے لگے کہ یہ تو جادوگر ہے
جھوٹا

Quran 38-4

أَجَعَلَ الْآلِهَةَ إِلَٰهًا وَاحِدًا ۖ إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ

## Known human behavior

### Group Conformity?

کیا اس نے اتنے معبودوں کی جگہ ایک ہی معبود بنا دیا۔ یہ تو بڑی عجیب بات ہے

Quran 38-5

وَانْطَلَقَ الْمَلَأُ مِنْهُمْ أَنِ امْشُوا وَاصْبِرُوا عَلَىٰ آلِهَتِكُمْ ۖ إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ يُرَادُ

تو ان میں جو معزز تھے وہ چل کھڑے ہوئے (اور بولے) کہ چلو اور اپنے معبودوں (کی پوجا) پر قائم رہو۔ بےشک یہ ایسی بات ہے جس سے (تم پر شرف وفضلیت) مقصود ہے

Quran 38-6

مَا سَمِعْنَا بِهَٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْآخِرَةِ إِنْ هَٰذَا إِلَّا اخْتِلَاقٌ

یہ پچھلے مذہب میں ہم نے کبھی سنی ہی نہیں۔ یہ بالکل بنائی ہوئی بات ہے

Quran 38-7

أَأُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْ بَيْنِنَا ۚ بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ مِنْ ذِكْرِي ۖ بَلْ لَمَّا يَذُوقُوا عَذَابِ

کیا ہم سب میں سے اسی پر نصیحت (کی کتاب)
اُتری ہے؟ (نہیں) بلکہ یہ میری
نصیحت کی کتاب سے شک میں ہیں۔ بلکہ
انہوں نے ابھی میرے عذاب کا مزہ نہیں
چکھا

أَمْ عِنْدَهُمْ خَزَائِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيزِ الْوَهَّابِ

کیا ان کے پاس تمہارے پروردگار کی رحمت کے خزانے ہیں جو غالب اور بہت عطا کرنے والا ہے

أَمْ لَهُمْ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ فَلْيَرْتَقُوا فِي الْأَسْبَابِ

یا آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے ان (سب) پر ان ہی کی حکومت ہے۔ تو چاہیئے کہ رسیاں تان کر (آسمانوں) پر چڑھ جائیں

Quran 38-10

جُنْدٌ مَا هُنَالِكَ مَهْزُومٌ مِنَ الْأَحْزَابِ

یہاں شکست کھائے ہوئے گروہوں میں سے
یہ بھی ایک لشکر ہے

Quran 38-11

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ ذُو الْأَوْتَادِ

ان سے پہلے نوح کی قوم اور عاد اور میخوں
والا فرعون (اور اس کی قوم کے
لوگ) بھی جھٹلا چکے ہیں

Quran 38-12

وَثَمُودُ وَقَوْمُ لُوطٍ وَأَصْحَابُ الْأَيْكَةِ ۚ أُولَٰئِكَ الْأَحْزَابُ

اور ثمود اور لوط کی قوم اور بن کے رہنے
والے بھی۔ یہی وہ گروہ ہیں

Quran 38-13

إِنْ كُلٌّ إِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ

(ان) سب نے پیغمبروں کو جھٹلایا تو میرا
عذاب (ان پر) آ واقع ہوا

Quran 38-14

وَمَا يَنْظُرُ هَٰؤُلَاءِ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً مَا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ

اور یہ لوگ تو صرف ایک زور کی آواز کا
جس میں (شروع ہوئے پیچھے) کچھ وقفہ
نہیں ہوگا، انتظار کرتے ہیں

Quran 38-15

وَقَالُوا رَبَّنَا عَجِّلْ لَنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ

اور کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم
کو ہمارا حصہ حساب کے دن سے پہلے
ہی دے دے

Quran 38-16

اصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوُودَ ذَا الْأَيْدِ ۖ إِنَّهُ أَوَّابٌ

(اے پیغمبر) یہ جو کچھ کہتے ہیں اس پر صبر کرو۔ اور ہمارے بندے داؤد کو یاد کرو جو صاحب قوت تھے (اور) بےشک وہ رجوع کرنے والے تھے

Quran 38-17

إِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهُ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِشْرَاقِ

الله

ہم نے پہاڑوں کو ان کے زیر فرمان کردیا تھا کہ

صبح وشام ان کے ساتھ

(خدائے) پاک (کا) ذکر کرتے تھے

Quran 38-18

وَالطَّيْرَ مَحْشُورَةً ۖ كُلٌّ لَّهُ أَوَّابٌ

اور پرندوں کو بھی کہ جمع رہتے تھے۔
سب ان کے فرمانبردار تھے

Quran 38-19

وَشَدَدْنَا مُلْكَهُ وَآتَيْنَاهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ

اللہ

اور ہم نے ان کی بادشاہی کو مستحکم کیا اور ان کو حکمت عطا کی اور (خصومت کی) بات کا فیصلہ (سکھایا)

Quran 38-20

وَهَلْ أَتَاكَ نَبَأُ الْخَصْمِ إِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ

## Known human behavior

بھلا تمہارے پاس ان جھگڑنے والوں کی بھی خبر آئی ہے جب وہ دیوار پھاند کر عبادت خانے میں داخل ہوئے

Quran 38-21

إِذْ دَخَلُوا عَلَىٰ دَاوُودَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ ۖ قَالُوا لَا تَخَفْ ۖ خَصْمَانِ بَغَىٰ بَعْضُنَا عَلَىٰ بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَا إِلَىٰ سَوَاءِ الصِّرَاطِ

**Known human behaviors**

جس وقت وہ داؤد کے پاس آئے تو وہ ان سے گھبرا گئے انہوں نے کہا کہ خوف نہ کیجیئے۔ ہم دونوں کا ایک مقدمہ ہے کہ ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے تو آپ ہم میں انصاف کا فیصلہ کر دیجیئے اور بےانصافی نہ کیجیئے گا اور ہم کو سیدھا رستہ دکھا دیجیئے

Quran 38-22

إِنَّ هَٰذَا أَخِي لَهُ تِسْعٌ وَتِسْعُونَ نَعْجَةً وَلِيَ نَعْجَةٌ وَاحِدَةٌ فَقَالَ أَكْفِلْنِيهَا وَعَزَّنِي فِي الْخِطَابِ

## Known human behavior

(کیفیت یہ ہے کہ) یہ میرا بھائی ہے اس کے (ہاں) ننانوے دنبیاں ہیں اور میرے (پاس) ایک دُنبی ہے۔ یہ کہتا ہے کہ یہ بھی میرے حوالے کردے اور گفتگو میں مجھ پر زبردستی کرتا ہے

Quran 38-23

قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ إِلَىٰ نِعَاجِهِ ۖ وَإِنَّ
كَثِيرًا مِّنَ الْخُلَطَاءِ لَيَبْغِي بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ إِلَّا
الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَقَلِيلٌ مَّا هُمْ ۗ وَظَنَّ
دَاوُودُ أَنَّمَا فَتَنَّاهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهُ وَخَرَّ رَاكِعًا
وَأَنَابَ ۩

**Injustice?**

انہوں نے کہا کہ یہ جو تیری دنبی مانگتا
ہے کہ اپنی دنبیوں میں ملا لے بےشک
تجھ پر ظلم کرتا ہے۔ اور اکثر شریک
ایک دوسرے پر زیادتی ہی کیا کرتے
ہیں۔ ہاں جو ایمان لائے اور عمل نیک
کرتے رہے اور ایسے لوگ بہت کم ہیں۔
اور داؤد نے خیال کیا کہ (اس واقعے
سے) ہم نے ان کو آزمایا ہے تو انہوں
نے اپنے پروردگار سے مغفرت مانگی
اور جھک کر گر پڑے اور (خدا کی طرف)
رجوع کیا

**Known human behavior**

Quran 38-24

فَغَفَرْنَا لَهُ ذَٰلِكَ ۖ وَإِنَّ لَهُ عِنْدَنَا لَزُلْفَىٰ وَحُسْنَ مَآبٍ

تو ہم نے ان کو بخش دیا۔ اور بےشک ان کے لئے ہمارے ہاں قرب اور عمدہ مقام ہے

Quran 38-25

يَا دَاوُودُ إِنَّا جَعَلْنَاكَ خَلِيفَةً فِي الْأَرْضِ فَاحْكُم بَيْنَ
النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوَىٰ فَيُضِلَّكَ عَن سَبِيلِ
اللَّهِ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَضِلُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ لَهُمْ
عَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا نَسُوا يَوْمَ الْحِسَابِ

اللہ

اے داؤد ہم نے تم کو زمین میں بادشاہ
بنایا ہے تو لوگوں میں انصاف کے فیصلے
کیا کرو

خواہش کی پیروی

Injustice?

اور

خواہش کی پیروی نہ کرنا

کہ وہ تمہیں اللہ کے رستے سے بھٹکا
دے گی۔ جو لوگ اللہ کے رستے سے بھٹکتے
ہیں ان کے لئے سخت عذاب (تیار)
ہے کہ انہوں نے حساب کے دن کو بھلا
دیا

**Known human behavior**

Quran 38-26

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ۚ ذَٰلِكَ ظَنُّ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ فَوَيْلٌ لِلَّذِينَ كَفَرُوا مِنَ النَّارِ

اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کائنات ان میں ہے اس کو خالی از مصلحت نہیں پیدا کیا۔ یہ ان کا گمان ہے
جو کافر ہیں۔ سو کافروں کے لئے دوزخ کا عذاب ہے

Quran 38-27

أَمْ نَجْعَلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَالْمُفْسِدِينَ فِي الْأَرْضِ أَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِينَ كَالْفُجَّارِ

جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے
رہے۔ کیا ان کو ہم ان کی طرح کر دیں
گے جو ملک میں فساد کرتے ہیں۔ یا پرہیزگاروں
کو بدکاروں کی طرح کر دیں
گے

**Known human behaviors**

Quran 38-28

كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ لِّيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ

الله

محمد Rasool Allah
(صلى الله عليه وسلم)

(یہ) کتاب جو ہم نے تم پر نازل کی ہے
بابرکت ہے تاکہ لوگ اس کی آیتوں میں
غور کریں اور تاکہ اہل عقل نصیحت
پکڑیں

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 38-29

وَوَهَبْنَا لِدَاوُودَ سُلَيْمَانَ ۚ نِعْمَ الْعَبْدُ ۖ إِنَّهُ أَوَّابٌ

اور ہم نے داؤد کو سلیمان عطا کئے۔ بہت خوب بندے (تھے اور) وہ (خدا کی طرف) رجوع کرنے والے تھے

Quran 38-30

إِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصَّافِنَاتُ الْجِيَادُ

جب ان کے سامنے شام کو خاصے کے گھوڑے پیش کئے گئے

Quran 38-31

فَقَالَ إِنِّي أَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّي حَتَّىٰ تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ

تو کہنے لگے کہ

میں نے اپنے پروردگار
کی یاد سے (غافل ہو کر) مال کی محبت
اختیار کی۔

یہاں تک کہ (آفتاب) پردے
میں چھپ گیا

Known human behavior

Quran 38-32

رُدُّوهَا عَلَيَّ ۖ فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوقِ وَالْأَعْنَاقِ

(بولے کہ) ان کو میرے پاس واپس لے آؤ۔ پھر ان کی ٹانگوں اور گردنوں پر ہاتھ پھیرنے لگے

Quran 38-33

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلَىٰ كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ أَنَابَ

اور ہم نے سلیمان کی آزمائش کی اور ان کے تخت پر ایک دھڑ ڈال دیا پھر انہوں نے (خدا کی طرف) رجوع کیا

Quran 38-34

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَهَبْ لِي مُلْكًا لَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ مِنْ بَعْدِي ۖ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ

(اور) دعا کی کہ اے پروردگار مجھے مغفرت
کر اور مجھ کو ایسی بادشاہی عطا
کر کہ میرے بعد کسی کو شایاں نہ ہو۔
بےشک تو بڑا عطا فرمانے والا ہے

Quran 38-35

فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيحَ تَجْرِي بِأَمْرِهِ رُخَاءً حَيْثُ أَصَابَ

پھر ہم نے ہوا کو ان کے زیرفرمان کردیا
کہ جہاں وہ پہنچنا چاہتے ان کے حکم
سے نرم نرم چلنے لگتی

Quran 38-36

وَالشَّيَاطِينَ كُلَّ بَنَّاءٍ وَغَوَّاصٍ

اَور دیووں کو بھی (ان کے زیرفرمان کیا)
وہ سب عمارتیں بنانے والے اور غوطہ
مارنے والے تھے

Quran 38-37

وَآخَرِينَ مُقَرَّنِينَ فِي الْأَصْفَادِ

اور اَوروں کو بھی جو زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے

Quran 38-38

هَٰذَا عَطَاؤُنَا فَامْنُنْ أَوْ أَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ

(ہم نے کہا) یہ ہماری بخشش ہے (چاہو) تو احسان کرو یا (چاہو تو) رکھ چھوڑو (تم سے) کچھ حساب نہیں ہے

Quran 38-39

وَإِنَّ لَهُ عِندَنَا لَزُلْفَىٰ وَحُسْنَ مَآبٍ

اور بےشک ان کے لئے ہمارے ہاں قُرب اور عمدہ مقام ہے

Quran 38-40

وَاذْكُرْ عَبْدَنَا أَيُّوبَ إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ أَنِّي مَسَّنِيَ الشَّيْطَانُ
بِنُصْبٍ وَعَذَابٍ

اور ہمارے بندے ایوب کو یاد کرو جب انہوں
نے اپنے رب کو پکارا کہ (بار الہٰا)
شیطان نے مجھ کو ایذا اور تکلیف
دے رکھی ہے

Quran 38-41

ارْكُضْ بِرِجْلِكَ ۖ هَٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَشَرَابٌ

(ہم نے کہا کہ زمین پر) لات مارو (دیکھو
یہ (چشمہ نکل آیا) نہانے کو ٹھنڈا
اور پینے کو (شیریں)

Quran 38-42

وَوَهَبْنَا لَهُ أَهْلَهُ وَمِثْلَهُمْ مَعَهُمْ رَحْمَةً مِنَّا وَذِكْرَىٰ لِأُولِي الْأَلْبَابِ

اور ہم نے ان کو اہل و عیال اور ان کے ساتھ ان کے برابر اور بخشے۔ (یہ) ہماری طرف سے رحمت اور عقل والوں کے لئے نصیحت تھی

Quran 38-43

وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِهِ وَلَا تَحْنَثْ ۗ إِنَّا وَجَدْنَاهُ صَابِرًا ۚ نِعْمَ الْعَبْدُ ۖ إِنَّهُ أَوَّابٌ

اور اپنے ہاتھ میں جھاڑو لو اور اس سے مارو اور قسم نہ توڑو۔ بےشک ہم نے ان کو ثابت قدم پایا۔ بہت خوب بندے تھے بےشک وہ رجوع کرنے والے تھے

Quran 38-44

وَاذْكُرْ عِبَادَنَا إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ أُولِي الْأَيْدِي
وَالْأَبْصَارِ

اور ہمارے بندوں ابراہیم اور اسحاق اور
یعقوب کو یاد کرو جو ہاتھوں والے
اور آنکھوں والے تھے

Quran 38-45

إِنَّا أَخْلَصْنَاهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ

ہم نے ان کو ایک (صفت) خاص (آخرت کے)
گھر کی یاد سے ممتاز کیا تھا

Quran 38-46

وَإِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْأَخْيَارِ

اور ہمارے نزدیک منتخب اور نیک لوگوں میں سے تھے

Quran 38-47

وَاذْكُرْ إِسْمَاعِيلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ۖ وَكُلٌّ مِنَ الْأَخْيَارِ

اور اسمٰعیل اور الیسع اور ذوالکفل کو یاد کرو۔ وہ سب نیک لوگوں میں سے تھے

Quran 38-48

هَٰذَا ذِكْرٌ ۚ وَإِنَّ لِلْمُتَّقِينَ لَحُسْنَ مَآبٍ

یہ نصیحت ہے اور پرہیزگاروں کے لئے تو
عمدہ مقام ہے

Quran 38-49

جَنَّاتِ عَدْنٍ مُفَتَّحَةً لَهُمُ الْأَبْوَابُ

ہمیشہ رہنے کے باغ جن کے دروازے ان کے
لئے کھلے ہوں گے

Quran 38-50

مُتَّكِئِينَ فِيهَا يَدْعُونَ فِيهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ وَشَرَابٍ

ان میں تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے اور
(کھانے پینے کے لئے) بہت سے میوے اور
شراب منگواتے رہیں گے

Quran 38-51

وَعِنْدَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ أَتْرَابٌ

اور ان کے پاس نیچی نگاہ رکھنے والی
(اور) ہم عمر (عورتیں) ہوں گی

Quran 38-52

هُذَا مَا تُوعَدُونَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ

یہ وہ چیزیں ہیں جن کا حساب کے دن کے لئے تم سے وعدہ کیا جاتا تھا

Quran 38-53

إِنَّ هُذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهُ مِنْ نَفَادٍ

یہ ہمارا رزق ہے جو کبھی ختم نہیں ہوگا

Quran 38-54

هُذَا ۚ وَإِنَّ لِلطَّاغِينَ لَشَرَّ مَآبٍ

یہ (نعمتیں تو فرمانبرداروں کے لئے ہیں)
اور سرکشوں کے لئے برا ٹھکانا ہے

Quran 38-55

جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمِهَادُ

(یعنی) دوزخ۔ جس میں وہ داخل ہوں گے
اور وہ بری آرام گاہ ہے

Quran 38-56

هَٰذَا فَلْيَذُوقُوهُ حَمِيمٌ وَغَسَّاقٌ

یہ کھولتا ہوا گرم پانی اور پیپ (ہے)
اب اس کے مزے چکھیں

Quran 38-57

وَآخَرُ مِنْ شَكْلِهِ أَزْوَاجٌ

اور اسی طرح کے اور بہت سے (عذاب ہوں گے)

Quran 38-58

هٰذَا فَوْجٌ مُقْتَحِمٌ مَعَكُمْ ۖ لَا مَرْحَبًا بِهِمْ ۚ إِنَّهُمْ
صَالُو النَّارِ

یہ ایک فوج ہے جو تمہارے ساتھ داخل ہوگی۔
ان کو خوشی نہ ہو یہ دوزخ میں
جانے والے ہیں

Quran 38-59

قَالُوا بَلْ أَنْتُمْ لَا مَرْحَبًا بِكُمْ ۖ أَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوهُ
لَنَا ۖ فَبِئْسَ الْقَرَارُ

کہیں گے بلکہ تم ہی کو خوشی نہ ہو۔ تم
ہی تو یہ (بلا) ہمارے سامنے لائے
سو (یہ) برا ٹھکانا ہے

Quran 38-60

قَالُوا رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هَٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ

وہ کہیں گے اے پروردگار جو اس کو ہمارے سامنے لایا ہے اس کو دوزخ میں دونا عذاب دے

Quran 38-61

وَقَالُوا مَا لَنَا لَا نَرَىٰ رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِنَ الْأَشْرَارِ

اور کہیں گے کیا سبب ہے کہ (یہاں) ہم ان شخصوں کو نہیں دیکھتے جن کو بروں میں شمار کرتے تھے

Quran 38-62

أَتَّخَذْنَاهُمْ سِخْرِيًّا أَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْأَبْصَارُ

کیا ہم نے ان سے ٹھٹھا کیا ہے یا (ہماری) آنکھیں ان (کی طرف) سے پھر گئی ہیں؟

Quran 38-63

إِنَّ ذَٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ أَهْلِ النَّارِ

بےشک یہ اہل دوزخ کا جھگڑنا برحق ہے

Quran 38-64

قُلْ إِنَّمَا أَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَمَا مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ

کہہ دو کہ میں تو صرف ہدایت کرنے والا ہوں۔ اور خدائے یکتا اور غالب کے سوا کوئی معبود نہیں

Quran 38-65

رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيزُ الْغَفَّارُ

جو آسمانوں اور زمین اور جو مخلوق ان میں ہے سب کا مالک ہے غالب (اور) بخشنے والا

Quran 38-66

قُلْ هُوَ نَبَأٌ عَظِيمٌ

کہہ دو کہ یہ ایک بڑی (ہولناک چیز کی) خبر ہے

Quran 38-67

أَنتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُونَ

جس کو تم دھیان میں نہیں لاتے

**Known human behavior**

Quran 38-68

مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَإِ الْأَعْلَىٰ إِذْ يَخْتَصِمُونَ

مجھ کو اوپر کی مجلس (والوں) کا جب وہ
جھگڑتے تھے کچھ بھی علم نہ تھا

Quran 38-69

إِنْ يُوحَىٰ إِلَيَّ إِلَّا أَنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُبِينٌ

میری طرف تو یہی وحی کی جاتی ہے کہ میں کھلم کھلا ہدایت کرنے والا ہوں

Quran 38-70

إِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي خَالِقٌ بَشَرًا مِنْ طِينٍ

جب تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے کہا کہ میں مٹی سے انسان بنانے والا ہوں

Quran 38-71

فَإِذَا سَوَّيْتُهُ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِنْ رُوحِي فَقَعُوا لَهُ سَاجِدِينَ

جب اس کو درست کرلوں اور اس میں اپنی
روح پھونک دوں تو اس کے آگے سجدے میں
گر پڑنا

Quran 38-72

فَسَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ

تو تمام فرشتوں نے سجدہ کیا

Quran 38-73

إِلَّا إِبْلِيسَ اسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكَافِرِينَ

مگر شیطان اکڑ بیٹھا اور کافروں میں ہوگیا

Quran 38-74

قَالَ يَا إِبْلِيسُ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ۖ أَسْتَكْبَرْتَ أَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِينَ

خدا نے) فرمایا کہ اے ابلیس جس شخص کو
میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا اس کے
آگے سجدہ کرنے سے تجھے کس چیز نے
منع کیا۔ کیا تو غرور میں آگیا یا اونچے
درجے والوں میں تھا؟

Quran 38-75

قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِنْهُ ۖ خَلَقْتَنِي مِنْ نَارٍ وَخَلَقْتَهُ مِنْ طِينٍ

بولا کہ میں اس سے بہتر ہوں (کہ )تو نے مجھ کو کو آگ سے پیدا کیا اور اِسے مٹی سے بنایا

Quran 38-76

قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَإِنَّكَ رَجِيمٌ

فرمایا یہاں سے نکل جا تو مردود ہے

Quran 38-77

وَإِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِي إِلَىٰ يَوْمِ الدِّينِ

اور تجھ پر قیامت کے دن تک میری لعنت (پڑتی) رہے گی

Quran 38-78

قَالَ رَبِّ فَأَنْظِرْنِي إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ

کہنے لگا کہ میرے پروردگار مجھے اس روز تک کہ لوگ اٹھائے جائیں مہلت دے

Quran 38-79

قَالَ فَإِنَّكَ مِنَ الْمُنظَرِينَ

فرمایا کہ تجھ کو مہلت دی جاتی ہے

Quran 38-80

إِلَىٰ يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُومِ

اس روز تک جس کا وقت مقرر ہے

Quran 38-81

قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ

کہنے لگا کہ مجھے تیری عزت کی قسم میں
ان سب کو بہکاتا رہوں گا

Quran 38-82

إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ

سوا ان کے جو تیرے خالص بندے ہیں

Quran 38-83

قَالَ فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ أَقُولُ

فرمایا سچ (ہے) اور میں بھی سچ کہتا ہوں

Quran 38-84

لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ أَجْمَعِينَ

کہ میں تجھ سے اور جو ان میں سے تیری پیروی کریں گے سب سے جہنم کو بھر دوں گا

Quran 38-85

قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ

اے پیغمبر کہہ دو کہ میں تم سے اس کا
صلہ نہیں مانگتا اور نہ میں بناوٹ
کرنے والوں میں ہوں

Quran 38-86

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ

یہ قرآن تو اہل عالم کے لئے نصیحت ہے

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 38-87

وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَأَهُ بَعْدَ حِينٍ

اور تم کو اس کا حال ایک وقت کے بعد معلوم ہوجائے گا

Quran 38-88

# SURAH 39

# (39/114)

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ
الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ

اس کتاب کا اُتارا جانا خدائے غالب (اور)
حکمت والے کی طرف سے ہے

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 39-1

إِنَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللَّهَ مُخْلِصًا لَهُ الدِّينَ

(اے پیغمبر) ہم نے یہ کتاب تمہاری طرف سچائی کے ساتھ نازل کی ہے تو اللہ کی عبادت کرو (یعنی) اس کی عبادت کو (شرک سے) خالص کر کے

Quran 39-2

أَلَا لِلَّهِ الدِّينُ الْخَالِصُ ۚ وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِهِ
أَوْلِيَاءَ مَا نَعْبُدُهُمْ إِلَّا لِيُقَرِّبُونَا إِلَى اللَّهِ
زُلْفَىٰ إِنَّ اللَّهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِي مَا هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ
ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ كَاذِبٌ كَفَّارٌ

دیکھو خالص عبادت اللہ ہی کے لئے (زیبا ہے)

اور جن لوگوں نے

اس کے سوا اور دوست بنائے ہیں۔

(وہ کہتے ہیں کہ)

ہم ان کو اس لئے پوجتے ہیں کہ ہم کو
اللہ کا مقرب بنادیں۔

تو جن باتوں

میں یہ اختلاف کرتے ہیں اللہ ان میں
ان کا فیصلہ کردے گا۔ بےشک اللہ اس شخص
کو جو جھوٹا ناشکرا ہے ہدایت نہیں
دیتا

**Known human behavior**

Quran 39-3

لَوْ أَرَادَ اللَّهُ أَنْ يَتَّخِذَ وَلَدًا لَاصْطَفَىٰ مِمَّا يَخْلُقُ
مَا يَشَاءُ ۚ سُبْحَانَهُ ۖ هُوَ اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ

اگر اللہ کسی کو اپنا بیٹا بنانا چاہتا
تو اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہتا
انتخاب کرلیتا۔ وہ پاک ہے وہی تو اللہ
یکتا (اور) غالب ہے

Quran 39-4

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ۖ يُكَوِّرُ اللَّيْلَ عَلَى
النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى اللَّيْلِ ۖ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ
وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَجْرِي لِأَجَلٍ مُسَمًّى ۗ أَلَا هُوَ الْعَزِيزُ
الْغَفَّارُ

اللہ

اسی نے آسمانوں اور زمین کو تدبیر کے
ساتھ پیدا کیا ہے۔ (اور) وہی رات کو
دن پر لپیٹتا ہے اور دن کو رات پر
لپیٹتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند
کو بس میں کر رکھا ہے۔ سب ایک وقت
مقرر تک چلتے رہیں گے۔ دیکھو وہی غالب
(اور) بخشنے والا ہے

Quran 39-5

خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَأَنْزَلَ
لَكُمْ مِنَ الْأَنْعَامِ ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ ۚ يَخْلُقُكُمْ
فِي بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ خَلْقًا مِنْ بَعْدِ خَلْقٍ فِي ظُلُمَاتٍ ثَلَاثٍ ۚ
ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا
هُوَ ۖ فَأَنَّىٰ تُصْرَفُونَ

اسی نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا پھر
اس سے اس کا جوڑا بنایا اور اسی نے
تمہارے لئے چار پایوں میں سے آٹھ
جوڑے بنائے۔ وہی تم کو تمہاری ماؤں
کے پیٹ میں (پہلے) ایک طرح پھر دوسری
طرح تین اندھیروں میں بناتا ہے۔ یہی
اللہ تمہارا پروردگار ہے اسی کی بادشاہی
ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں
پھر تم کہاں پھرے جاتے ہو؟

Quran 39-6

إِنْ تَكْفُرُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۖ وَلَا يَرْضَىٰ لِعِبَادِهِ
الْكُفْرَ ۖ وَإِنْ تَشْكُرُوا يَرْضَهُ لَكُمْ ۗ وَلَا تَزِرُ
وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ۗ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُمْ مَرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ
بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ

اگر ناشکری کرو گے تو ﷲ تم سے بےپروا
ہے۔ اور وہ اپنے بندوں کے لئے ناشکری
پسند نہیں کرتا اور اگر شکر کرو
گے تو وہ اس کو تمہارے لئے پسند کرے
گا۔ اور کوئی اٹھانے والا دوسرے
کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ پھر تم اپنے
پروردگار کی طرف لوٹنا ہے۔ پھر جو
کچھ تم کرتے رہے وہ تم کو بتائے گا۔
وہ تو دلوں کی پوشیدہ باتوں تک سے
آگاہ ہے

Quran 39-7

وَإِذَا مَسَّ الْإِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهُ مُنِيبًا إِلَيْهِ ثُمَّ
إِذَا خَوَّلَهُ نِعْمَةً مِنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُو إِلَيْهِ
مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلَّهِ أَنْدَادًا لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيلِهِ ۚ قُلْ
تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيلًا ۖ إِنَّكَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ

اور جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو
اپنے پروردگار کو پکارتا (اور) اس کی
طرف دل سے رجوع کرتا ہے۔ پھر جب وہ
اس کو اپنی طرف سے کوئی نعمت دیتا
ہے تو جس کام کے لئے پہلے اس کو پکارتا
ہے اسے بھول جاتا ہے اور الله کا
شریک بنانے لگتا ہے تاکہ (لوگوں کو)
اس کے رستے سے گمراہ کرے۔ کہہ دو
کہ (اے کافر نعمت) اپنی ناشکری سے
تھوڑا سا فائدہ اٹھالے۔ پھر تُو تو
دوزخیوں میں ہوگا

Quran 39-8

أَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ آنَاءَ اللَّيْلِ سَاجِدًا وَقَائِمًا يَحْذَرُ الْآخِرَةَ
وَيَرْجُو رَحْمَةَ رَبِّهِ ۗ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ
يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۗ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو
الْأَلْبَابِ

(بھلا مشرک اچھا ہے) یا وہ جو رات کے
وقتوں میں زمین پر پیشانی رکھ کر اور
کھڑے ہو کر عبادت کرتا اور آخرت
سے ڈرتا اور اپنے پروردگار کی رحمت
کی امید رکھتا ہے۔ کہو بھلا جو لوگ
علم رکھتے ہیں اور جو نہیں رکھتے دونوں
برابر ہوسکتے ہیں؟ (اور) نصیحت
تو وہی پکڑتے ہیں جو عقلمند ہیں

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 39-9

قُلْ يَا عِبَادِ الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا رَبَّكُمْ ۚ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۗ وَأَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةٌ ۗ إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُونَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ

کہہ دو کہ اے میرے بندو جو ایمان لائے ہو اپنے پروردگار سے ڈرو۔

جنہوں نے
اس دنیا میں نیکی کی ان کے لئے بھلائی ہے۔

اور اللہ کی زمین کشادہ ہے۔

جو صبر کرنے والے ہیں ان کو بےشمار ثواب ملے گا

**Fundamental principles of Nature**

**Allah's created system**

Quran 39-10

قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللَّهَ مُخْلِصًا لَهُ الدِّينَ

کہہ دو کہ مجھ سے ارشاد ہوا ہے کہ اللہ کی عبادت کو خالص کر کے اس کی بندگی کروں

Quran 39-11

وَأُمِرْتُ لِأَنْ أَكُونَ أَوَّلَ الْمُسْلِمِينَ

اور یہ بھی ارشاد ہوا ہے کہ میں سب سے اول مسلمان بنوں

Quran 39-12

قُلْ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ

کہہ دو کہ اگر میں اپنے پروردگار کا
حکم نہ مانوں تو مجھے بڑے دن کے عذاب
سے ڈر لگتا ہے

Quran 39-13

قُلِ اللَّهَ أَعْبُدُ مُخْلِصًا لَهُ دِينِي

کہہ دو کہ میں اپنے دین کو (شرک سے)
خالص کرکے اس کی عبادت کرتا ہوں

Quran 39-14

فَاعْبُدُوا مَا شِئْتُمْ مِنْ دُونِهِ ۗ قُلْ إِنَّ الْخَاسِرِينَ الَّذِينَ
خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ أَلَا
ذَٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِينُ

تو تم اس کے سوا جس کی چاہو پرستش کرو۔
کہہ دو کہ نقصان اٹھانے والے وہی
لوگ ہیں جنہوں نے قیامت کے دن اپنے
آپ کو اور اپنے گھر والوں کو نقصان
میں ڈالا۔ دیکھو یہی صریح نقصان ہے

Quran 39-15

لَهُمْ مِنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ۚ ذَٰلِكَ يُخَوِّفُ اللَّهُ بِهِ عِبَادَهُ ۚ يَا عِبَادِ فَاتَّقُونِ

ان کے اوپر تو آگ کے سائبان ہوں گے اور نیچے (اس کے) فرش ہوں گے۔ یہ وہ (عذاب) ہے جس سے اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے۔ تو اے میرے بندو مجھ سے ڈرتے رہو

Quran 39-16


وَالَّذِينَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوتَ أَنْ يَعْبُدُوهَا وَأَنَابُوا إِلَى
اللَّهِ لَهُمُ الْبُشْرَىٰ ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ

اور جنہوں نے اس سے اجتناب کیا کہ بتوں
کو پوجیں اور اللہ کی طرف رجوع کیا
ان کے لئے بشارت ہے۔ تو میرے بندوں
کو بشارت سنا دو

Quran 39-17

الَّذِينَ يَسْتَمِعُونَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ أَحْسَنَهُ ۚ أُولَٰئِكَ
الَّذِينَ هَدَاهُمُ اللَّهُ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمْ أُولُو الْأَلْبَابِ

جو بات کو سنتے اور اچھی باتوں کی پیروی
کرتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کو
اللہ نے ہدایت دی اور یہی عقل والے
ہیں




Unjust/illogical people?

Quran 39-18

أَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ أَفَأَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ
فِي النَّارِ

بھلا جس شخص پر عذاب کا حکم صادر ہوچکا۔
تو کیا تم (ایسے) دوزخی کو مخلصی
دے سکو گے؟

Quran 39-19

لَٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ
مَبْنِيَّةٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ وَعْدَ اللَّهِ
ۚ لَا يُخْلِفُ اللَّهُ الْمِيعَادَ

لیکن جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں
ان کے لئے اونچے محل ہیں جن
کے اوپر بالا خانے بنے ہوئے ہیں۔
(اور) ان کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔
(یہ) اللہ کا وعدہ ہے۔ اللہ وعدے کے
خلاف نہیں کرتا

Quran 39-20

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَلَكَهُ
يَنَابِيعَ فِي الْأَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهِ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا أَلْوَانُهُ
ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهُ حُطَامًا ۚ
إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَذِكْرَىٰ لِأُولِي الْأَلْبَابِ

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ ﷲ آسمان سے
پانی نازل کرتا پھر اس کو زمین میں
چشمے بنا کر جاری کرتا پھر اس سے
کھیتی اُگاتا ہے جس کے طرح طرح کے رنگ
ہوتے ہیں۔ پھر وہ خشک ہوجاتی ہے
تو تم اس کو دیکھتے ہو (کہ) زرد (ہوگئی
ہے) پھر اسے چورا چورا کر دیتا
ہے۔ بےشک اس میں عقل والوں کے لئے نصیحت
ہے

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 39-21

أَفَمَنْ شَرَحَ اللَّهُ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ فَهُوَ عَلَىٰ نُورٍ مِنْ رَبِّهِ ۚ فَوَيْلٌ لِلْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُمْ مِنْ ذِكْرِ اللَّهِ ۚ أُولَٰئِكَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ

## Known human behavior

بھلا جس شخص کا سینہ اللہ نے اسلام کے لئے کھول دیا ہو اور وہ اپنے پروردگار کی طرف سے روشنی پر ہو (تو کیا وہ سخت دل کافر کی طرح ہوسکتا ہے) پس

ان پر افسوس ہے جن کے دل اللہ کی یاد سے سخت ہو رہے ہیں۔

اور یہی لوگ صریح گمراہی میں ہیں

Quran 39-22

اللَّهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيثِ كِتَابًا مُتَشَابِهًا مَثَانِيَ
تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُودُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِينُ
جُلُودُهُمْ وَقُلُوبُهُمْ إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ هُدَى اللَّهِ
يَهْدِي بِهِ مَنْ يَشَاءُ ۚ وَمَنْ يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ
مِنْ هَادٍ

اللہ نے نہایت اچھی باتیں نازل فرمائی
ہیں (یعنی) کتاب (جس کی آیتیں باہم
ملتی جلتی (ہیں) اور دہرائی جاتی
(ہیں) جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے
ہیں ان کے بدن کے (اس سے) رونگٹے کھڑے
ہوجاتے ہیں۔ پھر ان کے بدن اور
دل نرم (ہو کر) اللہ کی یاد کی طرف (متوجہ)
ہوجاتے ہیں۔ یہی اللہ کی ہدایت
ہے وہ اس سے جس کو چاہتا ہے ہدایت
دیتا ہے۔ اور جس کو اللہ گمراہ کرے
اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں

Quran 39-23

أَفَمَنْ يَتَّقِي بِوَجْهِهِ سُوءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ وَقِيلَ لِلظَّالِمِينَ ذُوقُوا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُونَ

بھلا جو شخص قیامت کے دن اپنے منہ سے برے عذاب کو روکتا ہو (کیا وہ ویسا ہوسکتا ہے جو چین میں ہو) اور ظالموں سے کہا جائے گا کہ جو کچھ تم کرتے رہے تھے اس کے مزے چکھو

Quran 39-24

كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَأَتَاهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ

جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں نے بھی تکذیب کی تھی تو ان پر عذاب ایسی جگہ سے آگیا کہ ان کو خبر ہی نہ تھی

Quran 39-25

فَأَذَاقَهُمُ اللَّهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

پھر ان کو اللہ نے دنیا کی زندگی میں رسوائی کا مزہ چکھا دیا۔ اور آخرت کا عذاب تو بہت بڑا ہے۔ کاش یہ سمجھ رکھتے

Quran 39-26

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ

اور ہم نے لوگوں کے (سمجھانے کے) لئے
اس قرآن میں ہر طرح کی مثالیں بیان
کی ہیں تاکہ وہ نصیحت پکڑیں

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 39-27

قُرْآنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِي عِوَجٍ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ

یہ) قرآن عربی (ہے) جس میں کوئی عیب
(اور اختلاف) نہیں تاکہ وہ ڈر مانیں

Quran 39-28

ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيهِ شُرَكَاءُ مُتَشَاكِسُونَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ هَلْ يَسْتَوِيَانِ مَثَلًا ۚ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ

اللہ ایک مثال بیان کرتا ہے کہ ایک شخص ہے جس میں کئی (آدمی) شریک ہیں۔ (مختلف المزاج اور) بدخو اور ایک آدمی خاص ایک شخص کا (غلام) ہے۔ بھلا دونوں کی حالت برابر ہے۔ (نہیں) الحمدللہ بلکہ یہ اکثر لوگ نہیں جانتے

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 39-29

إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَيِّتُونَ

(اے پیغمبر) تم بھی مر جاؤ گے اور یہ بھی مر جائیں گے

Quran 39-30

ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُونَ

پھر تم سب قیامت کے دن اپنے پروردگار کے سامنے جھگڑو گے (اور جھگڑا فیصل کردیا جائے گا)

Quran 39-31

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللَّهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ إِذْ جَاءَهُ ۚ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِلْكَافِرِينَ

Unjust people?

تو اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اللہ پر جھوٹ بولے اور سچی بات جب اس کے پاس پہنچ جائے تو اسے جھٹلائے۔ کیا جہنم میں کافروں کا ٹھکانا نہیں ہے؟

Unjust/illogical people?

## Known human behaviors

Quran 39-32

وَالَّذِي جَاءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهِ ۙ أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُتَّقُونَ

اور جو شخص سچی بات لے کر آیا اور جس نے اس کی تصدیق کی وہی لوگ متقی ہیں

Quran 39-33

لَهُمْ مَا يَشَاءُونَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ ذَٰلِكَ جَزَاءُ الْمُحْسِنِينَ

وہ جو چاہیں گے ان کے لئے ان کے پروردگار کے پاس (موجود) ہے۔ نیکوکاروں کا یہی بدلہ ہے

Quran 39-34

لِيُكَفِّرَ اللَّهُ عَنْهُمْ أَسْوَأَ الَّذِي عَمِلُوا وَيَجْزِيَهُمْ
أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ

تاکہ اللہ ان سے برائیوں کو جو انہوں
نے کیں دور کردے اور نیک کاموں کا جو
وہ کرتے رہے ان کو بدلہ دے

**Fundamental principles of Nature**

**Allah's created system**

Quran 39-35

أَلَيْسَ اللَّهُ بِكَافٍ عَبْدَهُ ۖ وَيُخَوِّفُونَكَ بِالَّذِينَ مِنْ دُونِهِ ۚ وَمَنْ يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ

**Known human behavior**

کیا اللہ اپنے بندوں کو کافی نہیں۔

اور

یہ تم کو ان لوگوں سے جو اس کے سوا ہیں (یعنی غیر اللہ سے) ڈراتے ہیں۔

اور

جس کو اللہ گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں

**Fundamental Principle of Nature**

**Allah's created system**

Quran 39-36

وَمَنْ يَهْدِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ مُضِلٍّ ۗ أَلَيْسَ اللَّهُ بِعَزِيزٍ ذِي انْتِقَامٍ

اور جس کو اللہ ہدایت دے اس کو کوئی گمراہ کرنے والا نہیں۔ کیا اللہ غالب (اور) بدلہ لینے والا نہیں ہے؟

Quran 39-37

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ
اللَّهُ ۚ قُلْ أَفَرَأَيْتُمْ مَا تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ إِنْ
أَرَادَنِيَ اللَّهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كَاشِفَاتُ ضُرِّهِ أَوْ أَرَادَنِي
بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكَاتُ رَحْمَتِهِ ۚ قُلْ حَسْبِيَ
اللَّهُ ۖ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُونَ

اور اگر تم ان سے پوچھو کہ آسمانوں اور
زمین کو کس نے پیدا کیا تو کہہ دیں
کہ اللہ نے۔ کہو کہ بھلا دیکھو تو
جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو۔ اگر
اللہ مجھ کو کوئی تکلیف پہنچانی چاہے
تو کیا وہ اس تکلیف کو دور کرسکتے
ہیں یا اگر مجھ پر مہربانی کرنا چاہے
تو وہ اس کی مہربانی کو روک سکتے
ہیں؟ کہہ دو کہ مجھے اللہ ہی کافی
ہے۔ بھروسہ رکھنے والے اسی پر بھروسہ
رکھتے ہیں

Quran 39-38

قُلْ يَا قَوْمِ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَامِلٌ ۖ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ

کہہ دو کہ اے قوم تم اپنی جگہ عمل کئے جاؤ میں (اپنی جگہ) عمل کئے جاتا ہوں۔ عنقریب تم کو معلوم ہوجائے گا

Quran 39-39

مَنْ يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُقِيمٌ

کہ کس پر عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کرے گا۔ اور کس پر ہمیشہ کا عذاب نازل ہوتا ہے

Quran 39-40

إِنَّا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۖ فَمَنِ
اهْتَدَىٰ فَلِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۖ
وَمَا أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيلٍ

الله

ہم نے تم پر کتاب لوگوں (کی ہدایت) کے
لئے سچائی کے ساتھ نازل کی ہے۔ تو
جو شخص ہدایت پاتا ہے تو اپنے (بھلے
کے) لئے اور جو گمراہ ہوتا ہے گمراہی
سے تو اپنا ہی نقصان کرتا ہے۔ اور
تم ان کے ذمہ دار نہیں ہو

محمد Rasool Allah
(صلی اللہ علیہ وسلم)

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 39-41

اللَّهُ يَتَوَفَّى الْأَنْفُسَ حِينَ مَوْتِهَا وَالَّتِي لَمْ تَمُتْ
فِي مَنَامِهَا ۖ فَيُمْسِكُ الَّتِي قَضَىٰ عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ
الْأُخْرَىٰ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ
لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ

اللہ لوگوں کے مرنے کے وقت ان کی روحیں
قبض کرلیتا ہے اور جو مرے نہیں (ان
کی روحیں) سوتے میں (قبض کرلیتا ہے)
پھر جن پر موت کا حکم کرچکتا ہے
ان کو روک رکھتا ہے اور باقی روحوں
کو ایک وقت مقرر تک کے لئے چھوڑ دیتا
ہے۔ جو لوگ فکر کرتے ہیں ان کے لئے
اس میں نشانیاں ہیں

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 39-42

أَمِ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ شُفَعَاءَ ۚ قُلْ أَوَلَوْ كَانُوا لَا يَمْلِكُونَ شَيْئًا وَلَا يَعْقِلُونَ

## Known human behavior

کیا انہوں نے ﷲ کے سوا اور سفارشی بنالئے ہیں۔

کہو کہ خواہ وہ کسی چیز کا بھی اختیار نہ رکھتے ہوں اور نہ (کچھ) سمجھتے ہی ہوں

Quran 39-43

قُلْ لِلَّهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيعًا ۖ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ
ۖ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ

کہہ دو کہ سفارش تو سب اللہ ہی کے اختیار
میں ہے۔ اسی کے لئے آسمانوں اور
زمین کی بادشاہت ہے۔ پھر تم اسی کی
طرف لوٹ کر جاؤ گے

Quran 39-44

وَإِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ قُلُوبُ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ ۖ وَإِذَا ذُكِرَ الَّذِينَ مِنْ دُونِهِ إِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُونَ

اور

جب تنہا اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے

تو جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے

ان کے دل منقبض ہوجاتے ہیں۔

اور

جب اس کے سوا اوروں کا ذکر کیا جاتا ہے

تو خوش ہوجاتے ہیں

**Known human behaviors**

Quran 39-45

قُلِ اللَّهُمَّ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ أَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِي مَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ

کہو کہ اے اللہ (اے) آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے (اور) پوشیدہ اور ظاہر کے جاننے والے تو ہی اپنے بندوں میں ان باتوں کا جن میں وہ اختلاف کرتے رہے ہیں فیصلہ کرے گا

Quran 39-46

وَلَوْ أَنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ
مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ مِنْ سُوءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ
وَبَدَا لَهُمْ مِنَ اللَّهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ

اور اگر ظالموں کے پاس وہ سب (مال ومتاع)
ہو جو زمین میں ہے اور اس کے ساتھ
اسی قدر اور ہو تو قیامت کے روز
برے عذاب (سے مخلصی پانے) کے بدلے
میں دے دیں۔ اور ان پر ﷲ کی طرف سے
وہ امر ظاہر ہوجائے گا جس کا ان کو
خیال بھی نہ تھا

Quran 39-47

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ

اور ان کے اعمال کی برائیاں ان پر ظاہر ہوجائیں گی اور جس (عذاب) کی وہ ہنسی اُڑاتے تھے وہ ان کو آگھیرے گا

Quran 39-48

فَإِذَا مَسَّ الْإِنسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ إِذَا خَوَّلْنَاهُ نِعْمَةً
مِّنَّا قَالَ إِنَّمَا أُوتِيتُهُ عَلَىٰ عِلْمٍ ۚ بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ
وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ

الله

**Known human behavior**

جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو ہمیں
پکارنے لگتا ہے۔ پھر جب ہم اس کو اپنی
طرف سے نعمت بخشتے ہیں تو کہتا
ہے کہ یہ تو مجھے (میرے) علم (ودانش)
کے سبب ملی ہے۔ (نہیں) بلکہ وہ آزمائش
ہے مگر ان میں سے اکثر نہیں جانتے

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 39-49

قَدْ قَالَهَا الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَكْسِبُونَ

جو لوگ ان سے پہلے تھے وہ بھی یہی کہا کرتے تھے تو جو کچھ وہ کیا کرتے تھے ان کے کچھ بھی کام نہ آیا

Quran 39-50

فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا ۚ وَالَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ هَٰؤُلَاءِ
سَيُصِيبُهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِينَ

ان پر ان کے اعمال کے وبال پڑ گئے۔ اور
جو لوگ ان میں سے ظلم کرتے رہے ہیں
ان پر ان کے عملوں کے وبال عنقریب
پڑیں گے۔ اور وہ (خدا کو) عاجز نہیں
کرسکتے

Quran 39-51

أَوَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ

کیا ان کو معلوم نہیں کہ اللہ ہی جس کے لئے چاہتا ہے رزق کو فراخ کردیتا ہے اور (جس کے لئے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے۔ جو لوگ ایمان لاتے ہیں ان کے لئے اس میں (بہت سی) نشانیاں ہیں

Quran 39-52

قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا
مِنْ رَحْمَةِ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا ۚ
إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ

کہہ دو کہ اے میرے بندو جنہوں نے اپنی
جانوں پر زیادتی کی ہے اللہ کی رحمت
سے ناامید نہ ہونا۔ اللہ تو سب گناہوں
کو بخش دیتا ہے۔ (اور) وہ تو بخشنے
والا مہربان ہے

**Fundamental principles of Nature**

**Allah's created system**

Quran 39-53

وَأَنِيبُوا إِلَىٰ رَبِّكُمْ وَأَسْلِمُوا لَهُ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُونَ

اور اس سے پہلے کہ تم پر عذاب آ واقع ہو، اپنے پروردگار کی طرف رجوع کرو اور اس کے فرمانبردار ہوجاؤ پھر تم کو مدد نہیں ملے گی

Quran 39-54

وَاتَّبِعُوا أَحْسَنَ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ مِنْ رَبِّكُمْ مِنْ قَبْلِ
أَنْ يَأْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَأَنْتُمْ لَا تَشْعُرُونَ

اور اس سے پہلے کہ تم پر ناگہاں عذاب
آجائے اور تم کو خبر بھی نہ ہو اس
نہایت اچھی (کتاب) کی جو تمہارے پروردگار
کی طرف سے تم پر نازل ہوئی ہے

پیروی کرو

Listening/Reading Quran without understanding/translation?

Quran 39-55

أَنْ تَقُولَ نَفْسٌ يَا حَسْرَتَا عَلَىٰ مَا فَرَّطْتُ فِي جَنْبِ اللَّهِ وَإِنْ كُنْتُ لَمِنَ السَّاخِرِينَ

کہ (مبادا اس وقت) کوئی متنفس کہنے لگے
کہ (ہائے ہائے) اس تقصیر پر افسوس
ہے جو میں نے اللہ کے حق میں کی اور
میں تو ہنسی ہی کرتا رہا

**Known human behavior**

Quran 39-56

أَوْ تَقُولَ لَوْ أَنَّ اللَّهَ هَدَانِي لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِينَ

یا یہ کہنے لگے کہ اگر اللہ مجھ کو ہدایت دیتا تو میں بھی پرہیزگاروں میں ہوتا

**Known human behavior**

Quran 39-57

أَوْ تَقُولَ حِينَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ أَنَّ لِي كَرَّةً فَأَكُونَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ

یا جب عذاب دیکھ لے تو کہنے لگے کہ اگر مجھے پھر ایک دفعہ دنیا میں جانا ہو تو میں نیکوکاروں میں ہو جاؤں

**Known human behavior**

Quran 39-58

بَلَىٰ قَدْ جَاءَتْكَ آيَاتِي فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ
مِنَ الْكَافِرِينَ

**Known human behaviors**

(اللہ فرمائے گا) کیوں نہیں میری آیتیں
تیرے پاس پہنچ گئی ہیں مگر تو نے
ان کو جھٹلایا اور شیخی میں آگیا اور
تو کافر بن گیا

**Unjust/illogical people?**

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 39-59

وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ تَرَى الَّذِينَ كَذَبُوا عَلَى اللَّهِ وُجُوهُهُمْ مُسْوَدَّةٌ ۚ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِلْمُتَكَبِّرِينَ

اور جن لوگوں نے اللہ پر جھوٹ بولا تم قیامت کے دن دیکھو گے کہ ان کے منہ کالے ہو رہے ہوں گے۔ کیا غرور کرنے والوں کو ٹھکانا دوزخ میں نہیں ہے

Quran 39-60

وَيُنَجِّي اللَّهُ الَّذِينَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ لَا يَمَسُّهُمُ
السُّوءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

اور جو پرہیزگار ہیں ان کی (سعادت اور)
کامیابی کے سبب اللہ ان کو نجات دے
گا نہ تو ان کو کوئی سختی پہنچے گی
اور نہ غمناک ہوں گے

Quran 39-61

ٱللَّهُ خَٰلِقُ كُلِّ شَيْءٍۖ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ وَكِيلٌ

اللہ ہی ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے۔
اور وہی ہر چیز کا نگراں ہے

Quran 39-62

لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ

اسی کے پاس آسمانوں اور زمین کی کنجیاں ہیں۔

اور جنہوں نے اللہ کی آیتوں سے کفر کیا وہی نقصان اُٹھانے والے ہیں

Injustice?

Fundamental Principle of Nature

Allah's created system

Listening/Reading Quran without understanding/translation?

Quran 39-63

قُلْ أَفَغَيْرَ اللَّهِ تَأْمُرُونِّي أَعْبُدُ أَيُّهَا الْجَاهِلُونَ

کہہ دو کہ اے نادانو! تم مجھ سے یہ کہتے ہو کہ میں غیر اللہ کی پرستش کرنے لگوں

Quran 39-64

وَلَقَدْ أُوحِيَ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكَ لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ

محمد Rasool Allah
(صلى الله عليه وسلم)

اور تمہاری طرف اور ان (پیغمبروں) کی طرف جو تم سے پہلے ہوچکے ہیں یہی وحی بھیجی گئی ہے۔ کہ

اگر تم نے شرک کیا تو تمہارے عمل برباد ہوجائیں گے اور تم زیاں کاروں میں ہوجاؤ گے

Fundamental Principle of Nature

Allah's created system

Quran 39-65

بَلِ اللَّهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِنَ الشَّاكِرِينَ

بلکہ اللہ ﷻ ہی کی عبادت کرو اور شکرگزاروں میں ہو

Quran 39-66

وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ ۚ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ

اور انہوں نے اللہ کی قدر شناسی جیسی کرنی چاہیئے تھی نہیں کی۔

اور قیامت

کے دن تمام زمین اس کی مٹھی میں ہوگی

اور آسمان اس کے داہنے ہاتھ میں

لپٹے ہوں گے۔ (اور) وہ ان لوگوں کے

شرک سے پاک اور عالی شان ہے

**Known human behavior**

Quran 39-67

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ
إِلَّا مَنْ شَاءَ اللَّهُ ۖ ثُمَّ نُفِخَ فِيهِ أُخْرَىٰ فَإِذَا
هُمْ قِيَامٌ يَنْظُرُونَ

اور جب صور پھونکا جائے گا تو جو لوگ
آسمان میں ہیں اور جو زمین میں ہیں
سب بےہوش ہو کر گر پڑیں گے مگر وہ
جس کو اللہ چاہے۔ پھر دوسری دفعہ پھونکا
جائے گا تو فوراً سب کھڑے ہو کر
دیکھنے لگیں گے

Quran 39-68

وَأَشْرَقَتِ الْأَرْضُ بِنُورِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتَابُ وَجِيءَ
بِالنَّبِيِّينَ وَالشُّهَدَاءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ
لَا يُظْلَمُونَ

اور زمین اپنے پروردگار کے نور سے جگمگا
اُٹھے گی اور (اعمال کی) کتاب (کھول
کر) رکھ دی جائے گی اور پیغمبر
اور (اور) گواہ حاضر کئے جائیں گے
اور ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کیا
جائے گا اور بےانصافی نہیں کی جائے
گی

Quran 39-69

وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَا عَمِلَتْ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُونَ

اور جس شخص نے جو عمل کیا ہوگا اس کو
اس کا پورا بدلہ مل جائے گا اور
جو کچھ یہ کرتے ہیں اس کو سب کی
خبر ہے

اللہ

Quran 39-70

وَسِيقَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ جَهَنَّمَ زُمَرًا ۖ حَتَّىٰ إِذَا
جَاءُوهَا فُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ
رُسُلٌ مِنْكُمْ يَتْلُونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُونَكُمْ
لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا ۚ قَالُوا بَلَىٰ وَلَٰكِنْ حَقَّتْ
كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكَافِرِينَ

اور کافروں کو گروہ گروہ بنا کر جہنم
کی طرف لے جائیں گے۔ یہاں تک کہ جب
وہ اس کے پاس پہنچ جائیں گے تو اس
کے دروازے کھول دیئے جائیں گے تو اس
کے داروغہ ان سے کہیں گے کہ کیا تمہارے
پاس تم ہی میں سے پیغمبر نہیں
آئے تھے جو تم کو تمہارے پروردگار کی
آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے اور اس دن
کے پیش آنے سے ڈراتے تھے کہیں گے کیوں
نہیں لیکن کافروں کے حق میں عذاب
کا حکم متحقق ہوچکا تھا

Quran 39-71

قِيلَ ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ

## Known human behavior

کہا جائے گا کہ دوزخ کے دروازوں میں داخل ہوجاؤ ہمیشہ اس میں رہو گے۔ تکبر کرنے والوں کا برا ٹھکانا ہے

Quran 39-72

وَسِيقَ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ إِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۖ حَتَّىٰ
إِذَا جَاءُوهَا وَفُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا
سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوهَا خَالِدِينَ

اور جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں
ان کو گروہ گروہ بنا کر بہشت کی طرف
لے جائیں گے یہاں تک کہ جب اس کے
پاس پہنچ جائیں گے اور اس کے دروازے
کھول دیئے جائیں گے تو اس کے داروغہ
ان سے کہیں کہ تم پر سلام تم بہت
اچھے رہے۔ اب اس میں ہمیشہ کے لئے
داخل ہوجاؤ

Quran 39-73

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي صَدَقَنَا وَعْدَهُ وَأَوْرَثَنَا الْأَرْضَ نَتَبَوَّأُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَاءُ ۖ فَنِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ

وہ کہیں گے کہ اللہ کا شکر ہے جس نے اپنے
وعدہ کو ہم سے سچا کردیا اور ہم
کو اس زمین کا وارث بنا دیا ہم بہشت
میں جس مکان میں چاہیں رہیں تو (اچھے)
عمل کرنے والوں کا بدلہ بھی کیسا
خوب ہے

Quran 39-74

وَتَرَى الْمَلَائِكَةَ حَافِّينَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُونَ
بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۖ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيلَ الْحَمْدُ
لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ

تم فرشتوں کو دیکھو گے کہ عرش کے گرد
گھیرا باندھے ہوئے ہیں (اور) اپنے
پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کر
رہے ہیں۔ اور ان میں انصاف کے ساتھ
فیصلہ کیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ

ہر طرح کی تعریف اللہ ہی کو سزاوار ہے

جو سارے جہان کا مالک ہے

Quran 39-75

# SURAH 40

# (40/114)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ حم

حٰم

Quran 40-1

تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ

اس کتاب کا اتارا جانا خدائے غالب و

کی طرف سے ہے

Listening/Reading Quran without understanding/translation?

Quran 40-2

غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ إِلَيْهِ الْمَصِيرُ

جو گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا ہے اور سخت عذاب دینے والا اور صاحب کرم ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اسی کی طرف پھر کر جانا ہے

Quran 40-3

مَا يُجَادِلُ فِي آيَاتِ اللَّهِ إِلَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ

اللہ کی آیتوں میں وہی لوگ جھگڑتے ہیں
جو کافر ہیں۔ تو ان لوگوں کا شہروں
میں چلنا پھرنا تمہیں دھوکے میں نہ
ڈال دے

**illogical**

Quran 40-4

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَالْأَحْزَابُ مِنْ بَعْدِهِمْ ۖ وَهَمَّتْ
كُلُّ أُمَّةٍ بِرَسُولِهِمْ لِيَأْخُذُوهُ ۖ وَجَادَلُوا بِالْبَاطِلِ
لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ فَأَخَذْتُهُمْ ۖ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ

ان سے پہلے نوح کی قوم اور ان کے بعد
اور اُمتوں نے بھی (پیغمبروں کی) تکذیب
کی۔ اور ہر اُمت نے اپنے پیغمبر
کے بارے میں یہی قصد کیا کہ اس کو
پکڑ لیں اور بیہودہ (شبہات سے) جھگڑتے
رہے کہ اس سے حق کو زائل کردیں
تو میں نے ان کو پکڑ لیا (سو دیکھ لو)
میرا عذاب کیسا ہوا

اللہ

Quran 40-5

وَكَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّهُمْ أَصْحَابُ النَّارِ

اور اسی طرح کافروں کے بارے میں بھی تمہارے پروردگار کی بات پوری ہوچکی ہے کہ وہ اہل دوزخ ہیں

Quran 40-6

الَّذِينَ يَحْمِلُونَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ
رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُونَ بِهِ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا
وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَحْمَةً وَعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِينَ
تَابُوا وَاتَّبَعُوا سَبِيلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ

جو لوگ عرش کو اٹھائے ہوئے اور جو اس
کے گردا گرد (حلقہ باندھے ہوئے) ہیں
(یعنی فرشتے) وہ اپنے پروردگار کی
تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہتے ہیں
اور مومنوں کے لئے بخشش مانگتے رہتے
ہیں۔ کہ اے ہمارے پروردگار تیری رحمت
اور تیرا علم ہر چیز کو احاطہ کئے
ہوئے ہے تو جن لوگوں نے توبہ کی
اور تیرے رستے پر چلے ان کو بخش دے
اور دوزخ کے عذاب سے بچالے

Quran 40-7

رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنَّاتِ عَدْنٍ الَّتِي وَعَدْتَهُمْ وَمَنْ
صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ ۚ إِنَّكَ أَنْتَ
الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

اے ہمارے پروردگار ان کو ہمیشہ رہنے
کے بہشتوں میں داخل کر جن کا تونے ان
سے وعدہ کیا ہے اور جو ان کے باپ
دادا اور ان کی بیویوں اور ان کی اولاد
میں سے نیک ہوں ان کو بھی۔ بےشک
اللہ تو غالب حکمت والا ہے

Listening/Reading Quran without understanding/translation?

Quran 40-8

وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ۚ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ
رَحِمْتَهٗ ۚ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ

اللہ

اور ان کو عذابوں سے بچائے رکھ۔ اور
جس کو تو اس روز عذابوں سے بچا لے گا
تو بے شک اس پر مہربانی فرمائی اور
یہی بڑی کامیابی ہے

Quran 40-9

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللَّهِ أَكْبَرُ مِنْ
مَقْتِكُمْ أَنْفُسَكُمْ إِذْ تُدْعَوْنَ إِلَى الْإِيمَانِ فَتَكْفُرُونَ

**Injustice?**
**illogicalness?**

جن لوگوں نے کفر کیا ان سے پکار کر کہہ
دیا جائے گا کہ جب تم (دنیا میں)
ایمان کی طرف بلائے جاتے تھے اور مانتے
نہیں تھے تو اللہ اس سے کہیں زیادہ
بیزار ہوتا تھا جس قدر تم اپنے
آپ سے بیزار ہو رہے ہو

Quran 40-10

قَالُوا رَبَّنَا أَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَأَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوبِنَا فَهَلْ إِلَىٰ خُرُوجٍ مِنْ سَبِيلٍ

وہ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار تو نے ہم کو دو دفعہ بےجان کیا اور دو دفعہ جان بخشی۔ ہم کو اپنے گناہوں کا اقرار ہے تو کیا نکلنے کی کوئی سبیل ہے؟

Quran 40-11

ذَٰلِكُم بِأَنَّهُ إِذَا دُعِيَ اللَّهُ وَحْدَهُ كَفَرْتُمْ ۖ وَإِن يُشْرَكْ بِهِ تُؤْمِنُوا ۚ فَالْحُكْمُ لِلَّهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيرِ

یہ اس لئے کہ جب تنہا اللہ کو پکارا جاتا تھا تو تم انکار کردیتے تھے۔

اور

اگر اس کے ساتھ شریک مقرر کیا جاتا تھا تو تسلیم کرلیتے تھے

تو حکم تو

اللہ ہی کا ہے جو (سب سے) اوپر اور (سب سے) بڑا ہے

**Known human behavior**

Quran 40-12

هُوَ الَّذِي يُرِيكُمْ آيَاتِهِ وَيُنَزِّلُ لَكُمْ مِنَ السَّمَاءِ رِزْقًا ۚ وَمَا يَتَذَكَّرُ إِلَّا مَنْ يُنِيبُ

الله

وہی تو ہے جو تم کو اپنی نشانیاں دکھاتا ہے اور تم پر آسمان سے رزق اُتارتا ہے۔

اور نصیحت تو وہی پکڑتا ہے جو (اس کی طرف) رجوع کرتا ہے

Listening/Reading Quran without understanding/translation?

Quran 40-13

فَادْعُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ

تو اللہ کی عبادت کو خالص کر کر

اُسی کو پکارو

اگرچہ کافر برا ہی مانیں

illogical people

Quran 40-14

رَفِيعُ الدَّرَجَاتِ ذُو الْعَرْشِ يُلْقِي الرُّوحَ مِنْ أَمْرِهِ عَلَىٰ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ

مالک درجات عالی اور صاحب عرش ہے۔ اپنے
بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اپنے
حکم سے وحی بھیجتا ہے تاکہ ملاقات
کے دن سے ڈراوے

Quran 40-15

يَوْمَ هُمْ بَارِزُونَ ۖ لَا يَخْفَىٰ عَلَى اللَّهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ۚ
لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ۖ لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ

جس روز وہ نکل پڑیں گے ان کی کوئی چیز اللہ سے مخفی نہ رہے گی۔ آج کس کی بادشاہت ہے؟ اللہ کی جو اکیلا اور غالب ہے

Quran 40-16

الْيَوْمَ تُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ۚ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ۚ
إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ

آج کے دن ہر شخص کو اس کے اعمال کا بدلہ
دیا جائے گا۔ آج (کسی کے حق میں)
بےانصافی نہیں ہوگی۔ بےشک اللہ جلد
حساب لینے والا ہے

Known human behavior

Quran 40-17

وَأَنذِرْهُمْ يَوْمَ الْآزِفَةِ إِذِ الْقُلُوبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كَاظِمِينَ ۚ مَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ حَمِيمٍ وَلَا شَفِيعٍ يُطَاعُ

اور ان کو قریب آنے والے دن سے ڈراؤ جب کہ دل غم سے بھر کر گلوں تک آرہے ہوں گے۔ (اور) ظالموں کا کوئی دوست نہ ہوگا اور نہ کوئی سفارشی جس کی بات قبول کی جائے

**unjust (illogical) people**

Quran 40-18

يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُورُ

اللہ

وہ آنکھوں کی خیانت کو جانتا ہے اور جو (باتیں) سینوں میں پوشیدہ ہیں (ان کو بھی)

Quran 40-19

وَاللَّهُ يَقْضِي بِالْحَقِّ ۖ وَالَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ لَا يَقْضُونَ بِشَيْءٍ ۗ إِنَّ اللَّهَ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ

اور ﷲ سچائی کے ساتھ حکم فرماتا ہے
اور جن کو یہ لوگ پکارتے ہیں وہ کچھ
بھی حکم نہیں دے سکتے۔ بےشک ﷲ سننے
والا (اور) دیکھنے والا ہے

Quran 40-20

أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
الَّذِينَ كَانُوا مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ كَانُوا هُمْ أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً
وَآثَارًا فِي الْأَرْضِ فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ وَمَا
كَانَ لَهُمْ مِنَ اللَّهِ مِنْ وَاقٍ

کیا انہوں نے زمین میں سیر نہیں کی تاکہ
دیکھ لیتے کہ جو لوگ ان سے پہلے
تھے ان کا انجام کیسا ہوا۔ وہ ان سے
زور اور زمین میں نشانات (بنانے)
کے لحاظ سے کہیں بڑھ کر تھے تو اللہ
نے ان کو ان کے گناہوں کے سبب پکڑ لیا۔
اور ان کو اللہ (کے عذاب) سے کوئی
بھی بچانے والا نہ تھا

Quran 40-21

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانَت تَّأْتِيهِمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَكَفَرُوا فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ ۚ إِنَّهُ قَوِيٌّ شَدِيدُ الْعِقَابِ

with clear proofs

بِٱلْبَيِّنَٰتِ

**illogicalness?**

یہ اس لئے کہ ان کے پاس پیغمبر کھلی دلیلیں لاتے تھے تو یہ کفر کرتے تھے

سو اللہ نے ان کو پکڑ لیا۔ بےشک وہ صاحب قوت (اور) سخت عذاب دینے والا ہے

**Known human behavior**

Quran 40-22

arabic words translation from quran.com

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ مُبِينٍ

اور ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیاں اور
دلیل روشن دے کر بھیجا

Quran 40-23

إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَقَارُونَ فَقَالُوا سَاحِرٌ كَذَّابٌ

(یعنی) فرعون اور ہامان اور قارون کی
طرف تو انہوں نے کہا کہ یہ تو جادوگر
ہے جھوٹا

Quran 40-24

فَلَمَّا جَاءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوا أَبْنَاءَ
الَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ وَاسْتَحْيُوا نِسَاءَهُمْ ۚ وَمَا كَيْدُ
الْكَافِرِينَ إِلَّا فِي ضَلَالٍ

اللہ

illogicalness?

غرض جب وہ ان کے پاس ہماری طرف سے حق لے کر پہنچے تو کہنے لگے کہ جو اس کے ساتھ (اللہ پر) ایمان لائے ہیں ان کے بیٹوں کو قتل کردو اور بیٹیوں کو زندہ رہنے دو۔

Injustice?

اور کافروں کی تدبیریں بےٹھکانے ہوتی ہیں

Fundamental Principle of Nature

Allah's created system

Quran 40-25

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُونِي أَقْتُلْ مُوسَىٰ وَلْيَدْعُ رَبَّهُ ۖ إِنِّي
أَخَافُ أَنْ يُبَدِّلَ دِينَكُمْ أَوْ أَنْ يُظْهِرَ فِي الْأَرْضِ
الْفَسَادَ

اور فرعون بولا کہ مجھے چھوڑو کہ موسیٰ
کو قتل کردوں اور وہ اپنے پروردگار
کو بلالے۔ مجھے ڈر ہے کہ وہ (کہیں)
تمہارے دین کو نہ بدل دے یا ملک
میں فساد (نہ) پیدا کردے

Quran 40-26

وَقَالَ مُوسَىٰ إِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُمْ مِنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ
لَا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ

موسیٰ نے کہا کہ میں ہر متکبر سے جو
حساب کے دن (یعنی قیامت) پر ایمان نہیں
لاتا۔ اپنے اور تمہارے پروردگار
کی پناہ لے چکا ہوں

Quran 40-27

وَقَالَ رَجُلٌ مُؤْمِنٌ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ إِيمَانَهُ أَتَقْتُلُونَ
رَجُلًا أَنْ يَقُولَ رَبِّيَ اللَّهُ وَقَدْ جَاءَكُمْ بِالْبَيِّنَاتِ
مِنْ رَبِّكُمْ ۖ وَإِنْ يَكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهُ
ۖ وَإِنْ يَكُ صَادِقًا يُصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِي يَعِدُكُمْ ۖ إِنَّ اللَّهَ
لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ

who conceal(ed)
يَكْتُمُ

clear proofs
بِٱلْبَيِّنَٰتِ

(is) a transgressor
مُسْرِفٌ

**Logical / Just Person ?**

اور فرعون کے لوگوں میں سے ایک مومن
شخص جو اپنے ایمان کو پوشیدہ رکھتا
تھا کہنے لگا کیا تم ایسے شخص کو قتل
کرنا چاہتے ہو جو کہتا ہے کہ میرا
پروردگار الله ہے اور وہ تمہارے پروردگار
(کی طرف) سے نشانیاں بھی لے کر
آیا ہے۔

اور اگر وہ جھوٹا ہوگا تو
اس کے جھوٹ کا ضرر اسی کو ہوگا۔ اور
اگر سچا ہوگا تو کوئی سا عذاب جس
کا وہ تم سے وعدہ کرتا ہے تم پر واقع
ہو کر رہے گا۔

بےشک الله اس شخص کو
ہدایت نہیں دیتا جو بےلحاظ جھوٹا ہے

**Known human behaviors**

**Fundamental principles of Nature**

**Allah's created system**

Quran 40-28

arabic words translation from quran.com

يَا قَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظَاهِرِينَ فِي الْأَرْضِ فَمَنْ
يَنْصُرُنَا مِنْ بَأْسِ اللَّهِ إِنْ جَاءَنَا ۚ قَالَ فِرْعَوْنُ مَا
أُرِيكُمْ إِلَّا مَا أَرَىٰ وَمَا أَهْدِيكُمْ إِلَّا سَبِيلَ الرَّشَادِ

اے قوم آج تمہاری ہی بادشاہت ہے اور
تم ہی ملک میں غالب ہو۔ (لیکن) اگر
ہم پر اللہ کا عذاب آگیا تو (اس کے دور
کرنے کے لئے) ہماری مدد کون کرے
گا۔ فرعون نے کہا کہ میں تمہیں وہی
بات سُجھاتا ہوں جو مجھے سوجھی ہے اور
وہی راہ بتاتا ہوں جس میں بھلائی
ہے

Quran 40-29

وَقَالَ الَّذِي آمَنَ يَا قَوْمِ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ مِثْلَ يَوْمِ الْأَحْزَابِ

تو جو مومن تھا وہ کہنے لگا کہ اے قوم
مجھے تمہاری نسبت خوف ہے کہ (مبادا)
تم پر اور اُمتوں کی طرح کے دن کا
عذاب آجائے

Quran 40-30

مِثْلَ دَأْبِ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ وَالَّذِينَ مِنْ بَعْدِهِمْ ۚ
وَمَا اللَّهُ يُرِيدُ ظُلْمًا لِلْعِبَادِ

injustice

ظُلْمًا

یعنی) نوح کی قوم اور عاد اور ثمود اور
جو لوگ ان کے پیچھے ہوئے ہیں ان
کے حال کی طرح (تمہارا حال نہ ہوجائے)
اور

after them

بَعْدِهِمْ

Injustice?

اللہ تو بندوں پر ظلم کرنا نہیں
چاہتا

**Fundamental Principle of Nature**

**Allah's created system**

Quran 40-31

**arabic words translation from quran.com**

وَيَا قَوْمِ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ

اور اے قوم مجھے تمہاری نسبت پکار کے دن (یعنی قیامت) کا خوف ہے

Quran 40-32

you will turn back

تُوَلُّونَ

protector

عَاصِمٍ

يَوْمَ تُوَلُّونَ مُدْبِرِينَ مَا لَكُمْ مِنَ اللَّهِ مِنْ عَاصِمٍ ۗ
وَمَنْ يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ

جس دن تم پیٹھ پھیر کر (قیامت کے دن
سے) بھاگو گے (اس دن) تم کو کوئی (عذاب)
اللہ سے بچانے والا نہ ہوگا۔ اور
جس شخص کو اللہ گمراہ کرے اس کو کوئی
ہدایت دینے والا نہیں

Quran 40-33

arabic words translation from quran.com

وَلَقَدْ جَاءَكُمْ يُوسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنَاتِ فَمَا زِلْتُمْ
فِي شَكٍّ مِمَّا جَاءَكُمْ بِهِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ
يَبْعَثَ اللَّهُ مِنْ بَعْدِهِ رَسُولًا ۚ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ
مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُرْتَابٌ

اور پہلے یوسف بھی تمہارے پاس نشانیاں
لے کر آئے تھے تو جو وہ لائے تھے
اس سے تم ہمیشہ شک ہی میں رہے۔ یہاں
تک کہ جب وہ فوت ہوگئے تو تم کہنے
لگے کہ اللہ اس کے بعد کبھی کوئی پیغمبر
نہیں بھیجے گا۔ اسی طرح اللہ اس
شخص کو گمراہ کر دیتا ہے جو حد سے نکل
جانے والا اور شک کرنے والا ہو

Quran 40-34

الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ ۖ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللَّهِ وَعِنْدَ الَّذِينَ آمَنُوا ۚ كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ

جو لوگ بغیر اس کے کہ ان کے پاس کوئی دلیل آئی ہو اللہ کی آیتوں میں جھگڑتے ہیں۔ اللہ کے نزدیک اور مومنوں کے نزدیک یہ جھگڑا سخت ناپسند ہے۔ اسی طرح اللہ ہر متکبر سرکش کے دل پر مہر لگا دیتا ہے

**Known human behaviors**

Quran 40-35

وَقَالَ فِرْعَوْنُ يَا هَامَانُ ابْنِ لِي صَرْحًا لَعَلِّي أَبْلُغُ الْأَسْبَابَ

اور فرعون نے کہا کہ ہامان میرے لئے ایک محل بناؤ تاکہ میں (اس پر چڑھ کر) رستوں پر پہنچ جاؤں

Quran 40-36

أَسْبَابَ السَّمَاوَاتِ فَأَطَّلِعَ إِلَىٰ إِلَٰهِ مُوسَىٰ وَإِنِّي
لَأَظُنُّهُ كَاذِبًا ۚ وَكَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوءُ عَمَلِهِ
وَصُدَّ عَنِ السَّبِيلِ ۚ وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ إِلَّا فِي تَبَابٍ

(یعنی) آسمانوں کے رستوں پر، پھر موسیٰ
کے خدا کو دیکھ لوں اور میں تو اسے
جھوٹا سمجھتا ہوں۔ اور اسی طرح فرعون
کو اس کے اعمال بد اچھے معلوم
ہوتے تھے اور وہ رستے سے روک دیا گیا
تھا۔ اور فرعون کی تدبیر تو بےکار
تھی

Quran 40-37

وَقَالَ الَّذِي آمَنَ يَا قَوْمِ اتَّبِعُونِ أَهْدِكُمْ سَبِيلَ الرَّشَادِ

اور وہ شخص جو مومن تھا اس نے کہا کہ
بھائیو میرے پیچھے چلو میں تمہیں بھلائی
کا رستہ دکھاؤ ں

Quran 40-38

يَا قَوْمِ إِنَّمَا هَٰذِهِ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ وَإِنَّ الْآخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ

بھائیو یہ دنیا کی زندگی (چند روزہ) فائدہ اٹھانے کی چیز ہے۔ اور جو آخرت ہے وہی ہمیشہ رہنے کا گھر ہے

Quran 40-39

مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزَىٰ إِلَّا مِثْلَهَا ۖ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولَٰئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُونَ فِيهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ

جو برے کام کرے گا اس کو بدلہ بھی ویسا ہی ملے گا۔ اور جو نیک کام کرے گا مرد ہو یا عورت اور وہ صاحب ایمان بھی ہوگا تو ایسے لوگ بہشت میں داخل ہوں گے وہاں ان کو بےشمار رزق ملے گا

Quran 40-40

وَيَا قَوْمِ مَا لِي أَدْعُوكُمْ إِلَى النَّجَاةِ وَتَدْعُونَنِي إِلَى النَّارِ

اور اے قوم میرا کیا (حال) ہے کہ میں تم کو نجات کی طرف بلاتا ہوں اور تم مجھے (دوزخ کی) آگ کی طرف بلاتے ہو

Quran 40-41

تَدْعُونَنِي لِأَكْفُرَ بِاللَّهِ وَأُشْرِكَ بِهِ مَا لَيْسَ لِي بِهِ عِلْمٌ وَأَنَا أَدْعُوكُمْ إِلَى الْعَزِيزِ الْغَفَّارِ

تم مجھے اس لئے بلاتے ہو کہ اللہ کے ساتھ کفر کروں اور اس چیز کو اس کا شریک مقرر کروں جس کا مجھے کچھ بھی علم نہیں۔ اور میں تم کو (خدائے) غالب (اور) بخشنے والے کی طرف بلاتا ہوں

Quran 40-42

لَا جَرَمَ أَنَّمَا تَدْعُونَنِي إِلَيْهِ لَيْسَ لَهُ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا
وَلَا فِي الْآخِرَةِ وَأَنَّ مَرَدَّنَا إِلَى اللَّهِ وَأَنَّ
الْمُسْرِفِينَ هُمْ أَصْحَابُ النَّارِ

سچ تو یہ ہے کہ جس چیز کی طرف تم مجھے
بلاتے ہو اس کو دنیا اور آخرت میں
بلانے (یعنی دعا قبول کرنے) کا مقدور
نہیں اور ہم کو اللہ کی طرف لوٹنا
ہے اور حد سے نکل جانے والے دوزخی
ہیں

Quran 40-43

فَسَتَذْكُرُونَ مَا أَقُولُ لَكُمْ ۚ وَأُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللَّهِ ۚ
إِنَّ اللَّهَ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ

جو بات میں تم سے کہتا ہوں تم اسے آگے
چل کر یاد کرو گے۔ اور میں اپنا کام
اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ بےشک اللہ
بندوں کو دیکھنے والا ہے

Quran 40-44

فَوَقَاهُ اللَّهُ سَيِّئَاتِ مَا مَكَرُوا ۖ وَحَاقَ بِآلِ فِرْعَوْنَ
سُوءُ الْعَذَابِ

غرض اللہ ﷻ نے موسیٰ کو ان لوگوں کی تدبیروں
کی برائیوں سے محفوظ رکھا اور
فرعون والوں کو برے عذاب نے آگھیرا

Quran 40-45

النَّارُ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَعَشِيًّا ۖ وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ أَدْخِلُوا آلَ فِرْعَوْنَ أَشَدَّ الْعَذَابِ

یعنی) آتش (جہنم) کہ صبح وشام اس کے سامنے پیش کئے جاتے ہیں۔ اور جس روز قیامت برپا ہوگی (حکم ہوگا کہ) فرعون والوں کو نہایت سخت عذاب میں داخل کرو

Quran 40-46

وَإِذْ يَتَحَاجُّونَ فِي النَّارِ فَيَقُولُ الضُّعَفَاءُ لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ أَنْتُمْ مُغْنُونَ عَنَّا نَصِيبًا مِنَ النَّارِ

اور جب وہ دوزخ میں جھگڑیں گے تو ادنیٰ درجے کے لوگ بڑے آدمیوں سے کہیں گے کہ ہم تو تمہارے تابع تھے تو کیا تم دوزخ (کے عذاب) کا کچھ حصہ ہم سے دور کرسکتے ہو؟

Quran 40-47

قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُلٌّ فِيهَا إِنَّ اللَّهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ

بڑے آدمی کہیں گے کہ تم (بھی اور) ہم (بھی) سب دوزخ میں (رہیں گے) اللہ بندوں میں فیصلہ کرچکا ہے

Quran 40-48

وَقَالَ الَّذِينَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ ادْعُوا رَبَّكُمْ
يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِنَ الْعَذَابِ

اور جو لوگ آگ میں (جل رہے) ہوں گے وہ
دوزخ کے داروغوں سے کہیں گے کہ اپنے
پروردگار سے دعا کرو کہ ایک روز
تو ہم سے عذاب ہلکا کردے

Quran 40-49

قَالُوا أَوَلَمْ تَكُ تَأْتِيكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنَاتِ ۖ قَالُوا
بَلَىٰ ۚ قَالُوا فَادْعُوا ۗ وَمَا دُعَاءُ الْكَافِرِينَ إِلَّا فِي
ضَلَالٍ

وہ کہیں گے کہ کیا تمہارے پاس تمہارے
پیغمبر نشانیاں لے کر نہیں آئے تھے۔
وہ کہیں گے کیوں نہیں تو وہ کہیں
گے کہ تم ہی دعا کرو۔ اور کافروں کی
دعا (اس روز) بےکار ہوگی

Quran 40-50

إِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِينَ آمَنُوا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا
وَيَوْمَ يَقُومُ الْأَشْهَادُ

الله

ہم اپنے پیغمبروں کی اور جو لوگ ایمان
لائے ہیں ان کی دنیا کی زندگی میں
بھی مدد کرتے ہیں اور جس دن گواہ کھڑے
ہوں گے (یعنی قیامت کو بھی)

Quran 40-51

يَوْمَ لَا يَنفَعُ الظَّالِمِينَ مَعْذِرَتُهُمْ ۖ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ
وَلَهُمْ سُوءُ الدَّارِ

unjust people?

جس دن ظالموں کو ان کی معذرت کچھ فائدہ
نہ دے گی اور ان کے لئے لعنت اور
برا گھر ہے

Quran 40-52

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْهُدَىٰ وَأَوْرَثْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ الْكِتَابَ

اور ہم نے موسیٰ کو ہدایت (کی کتاب) دی اور بنی اسرائیل کو اس کتاب کا وارث بنایا

Quran 40-53

هُدًى وَذِكْرَىٰ لِأُولِي الْأَلْبَابِ

عقل والوں کے لئے ہدایت اور نصیحت ہے

Quran 40-54

فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَسَبِّحْ
بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ

تو صبر کرو بےشک اللہ کا وعدہ سچا ہے
اور اپنے گناہوں کی معافی مانگو اور

صبح وشام اپنے پروردگار کی تعریف کے
ساتھ تسبیح کرتے رہو

**Non-stop zikr of Allah**

Quran 40-55

إِنَّ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ ۙ إِن فِي صُدُورِهِمْ إِلَّا كِبْرٌ مَا هُم بِبَالِغِيهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ ۖ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ

## Known human behavior

جو لوگ بغیر کسی دلیل کے جو ان کے پاس آئی ہو اللہ کی آیتوں میں جھگڑتے ہیں ان کے دلوں میں اور کچھ نہیں (ارادہ) عظمت ہے اور وہ اس کو پہنچنے والے نہیں تو اللہ کی پناہ مانگو۔ بےشک وہ سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے

Quran 40-56

لَخَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ

آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا لوگوں
کے پیدا کرنے کی نسبت بڑا (کام) ہے
لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے

Quran 40-57

وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا
الصَّالِحَاتِ وَلَا الْمُسِيءُ ۚ قَلِيلًا مَا تَتَذَكَّرُونَ

اور اندھا اور آنکھ والا برابر نہیں۔
اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور
نہ بدکار (برابر ہیں) حقیقت یہ ہے
کہ)

تم بہت کم غور کرتے ہو

**Known human behavior**

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 40-58

إِنَّ السَّاعَةَ لَآتِيَةٌ لَا رَيْبَ فِيهَا وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ

قیامت آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں۔ لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے

Quran 40-59

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ
عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ

اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم
مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول
کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے
ازراہ تکبر کنیاتے ہیں۔ عنقریب جہنم
میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے

Quran 40-60

اللَّهُ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ

اللہ ہی تو ہے جس نے تمہارے لئے رات بنائی
کہ اس میں آرام کرو اور دن کو
روشن بنایا (کہ اس میں کام کرو) بےشک
اللہ لوگوں پر فضل کرنے والا ہے۔ لیکن
اکثر لوگ شکر نہیں کرتے

Quran 40-61

ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ فَأَنَّىٰ تُؤْفَكُونَ

یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے جو ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں پھر تم کہاں بھٹک رہے ہو؟

Quran 40-62

كَذَٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِينَ كَانُوا بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ

اسی طرح وہ لوگ بھٹک رہے تھے جو ﷲ کی آیتوں سے انکار کرتے تھے

Quran 40-63

اللَّهُ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ قَرَارًا وَالسَّمَاءَ بِنَاءً
وَصَوَّرَكُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ ۚ
ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ ۖ فَتَبَارَكَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ

اللہ ہی تو ہے جس نے زمین کو تمہارے لئے
ٹھیرنے کی جگہ اور آسمان کو چھت
بنایا اور تمہاری صورتیں بنائیں اور
صورتیں بھی خوب بنائیں اور تمہیں پاکیزہ
چیزیں کھانے کو دیں۔ یہی اللہ
تمہارا پروردگار ہے۔ پس خدائے پروردگار
عالم بہت ہی بابرکت ہے

Quran 40-64

هُوَ الْحَيُّ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ فَادْعُوهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۗ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ

اللہ

وہ زندہ ہے (جسے موت نہیں) اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں تو اس کی عبادت کو خالص کر کر اسی کو پکارو۔ ہر طرح کی تعریف اللہ ہی کو (سزاوار) ہے جو تمام جہان کا پروردگار ہے

Quran 40-65

قُلْ إِنِّي نُهِيتُ أَنْ أَعْبُدَ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ
لَمَّا جَاءَنِيَ الْبَيِّنَاتُ مِنْ رَبِّي وَأُمِرْتُ أَنْ أُسْلِمَ
لِرَبِّ الْعَالَمِينَ

Anything within parenthesis is translator's additions/words with no corresponding word(s) in Arabic Quranic verse?

(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان سے) کہہ دو کہ مجھے اس
بات کی ممانعت کی گئی ہے کہ جن کو تم
اللہ کے سوا پکارتے ہو ان کی پرستش
کروں (اور میں ان کی کیونکر پرستش
کروں) جب کہ میرے پاس میرے پروردگار
(کی طرف) سے کھلی دلیلیں آچکی ہیں
اور مجھ کو یہ حکم ہوا ہے کہ پروردگار
عالم ہی کا تابع فرمان ہوں

Quran 40-66

هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ
عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوا أَشُدَّكُمْ ثُمَّ
لِتَكُونُوا شُيُوخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَنْ يُتَوَفَّىٰ مِنْ قَبْلُ ۖ
وَلِتَبْلُغُوا أَجَلًا مُسَمًّى وَلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ

اللہ

وہی تو ہے جس نے تم کو (پہلے) مٹی سے
پیدا کیا۔ پھر نطفہ بنا کر پھر لوتھڑا
بنا کر پھر تم کو نکالتا ہے (کہ
تم) بچّے (ہوتے ہو) پھر تم اپنی جوانی
کو پہنچتے ہو۔ پھر بوڑھے ہوجاتے
ہو۔ اور کوئی تم میں سے پہلے ہی مرجاتا
ہے اور تم (موت کے) وقت مقرر تک
پہنچ جاتے ہو اور تاکہ تم سمجھو

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 40-67

هُوَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ ۖ فَإِذَا قَضَىٰ أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ
لَهُ كُن فَيَكُونُ

الله

وہی تو ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے۔
پھر جب وہ کوئی کام کرنا (اور کسی
کو پیدا کرنا) چاہتا ہے تو اس سے کہہ
دیتا ہے کہ ہوجا تو وہ جاتا ہے

Quran 40-68

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ أَنَّىٰ يُصْرَفُونَ

کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اللہ ﷻ کی آیتوں میں جھگڑتے ہیں۔ یہ کہاں بھٹک رہے ہیں؟

Quran 40-69

الَّذِينَ كَذَّبُوا بِالْكِتَابِ وَبِمَا أَرْسَلْنَا بِهِ رُسُلَنَا ۖ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ

جن لوگوں نے کتاب (خدا) کو اور جو کچھ ہم نے پیغمبروں کو دے کر بھیجا اس کو جھٹلایا۔ وہ عنقریب معلوم کرلیں گے

Quran 40-70

إِذِ الْأَغْلَالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلَاسِلُ يُسْحَبُونَ

جب کہ ان کی گردنوں میں طوق اور زنجیریں ہوں گی (اور) گھسیٹے جائیں گے

Quran 40-71

فِي الْحَمِيمِ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُونَ

(یعنی) کھولتے ہوئے پانی میں۔ پھر آگ میں جھونک دیئے جائیں گے

Quran 40-72

ثُمَّ قِيلَ لَهُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ تُشْرِكُونَ

پھر ان سے کہا جائے گا کہ وہ کہاں ہیں
جن کو تم (خدا کے) شریک بناتے تھے

Quran 40-73

مِنْ دُونِ اللَّهِ ۖ قَالُوا ضَلُّوا عَنَّا بَلْ لَمْ نَكُنْ نَدْعُو
مِنْ قَبْلُ شَيْئًا ۚ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ الْكَافِرِينَ

(یعنی غیر خدا) کہیں گے وہ تو ہم سے
جاتے رہے بلکہ ہم تو پہلے کسی چیز کو
پکارتے ہی نہیں تھے۔ اسی طرح اللہ
کافروں کو گمراہ کرتا ہے

Quran 40-74

ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُونَ

Known human behavior

یہ اس کا بدلہ ہے کہ تم زمین میں حق کے بغیر (یعنی اس کے خلاف) خوش ہوا کرتے تھے اور اس کی (سزا ہے) کہ اترایا کرتے تھے

Quran 40-75

ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ

(اب) جہنم کے دروازوں میں داخل ہوجاؤ۔
ہمیشہ اسی میں رہو گے۔ متکبروں کا
کیا برا ٹھکانا ہے

Quran 40-76

فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ ۚ فَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي
نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ

تو (اے پیغمبر) صبر کرو اللہ کا وعدہ
سچا ہے۔ اگر ہم تم کو کچھ اس میں سے
دکھادیں جس کا ہم تم سے وعدہ کرتے
ہیں۔ (یعنی کافروں پر عذاب نازل کریں)
یا تمہاری مدت حیات پوری کردیں تو
ان کو ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے

Quran 40-77

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلًا مِنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ
وَمِنْهُمْ مَنْ لَمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ۗ وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ
أَنْ يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ فَإِذَا جَاءَ أَمْرُ
اللَّهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُونَ

الله

اور ہم نے تم سے پہلے (بہت سے) پیغمبر
بھیجے۔ ان میں کچھ تو ایسے ہیں جن
کے حالات تم سے بیان کر دیئے ہیں اور
کچھ ایسے ہیں جن کے حالات بیان نہیں
کئے۔ اور کسی پیغمبر کا مقدور نہ
تھا کہ اللہ کے حکم کے سوا کوئی نشانی
لائے۔ پھر جب اللہ کا حکم آپہنچا
تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کردیا گیا
اور اہل باطل نقصان میں پڑ گئے

**Unjust/illogical people?**

Quran 40-78

اللَّهُ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَنْعَامَ لِتَرْكَبُوا مِنْهَا وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ

اللہ ہی تو ہے جس نے تمہارے لئے چارپائے بنائے تاکہ ان میں سے بعض پر سوار ہو اور بعض کو تم کھاتے ہو

Quran 40-79

وَلَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوا عَلَيْهَا حَاجَةً فِي صُدُورِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُونَ

اور تمہارے لئے ان میں (اور بھی) فائدے ہیں اور اس لئے بھی کہ (کہیں جانے کی) تمہارے دلوں میں جو حاجت ہو ان پر (چڑھ کر وہاں) پہنچ جاؤ۔ اور ان پر اور کشتیوں پر تم سوار ہوتے ہو

Quran 40-80

وَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ فَأَيَّ آيَاتِ اللَّهِ تُنكِرُونَ

اللہ

اور وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے

تو تم اللہ کی کن کن نشانیوں کو نہ

مانو گے

Quran 40-81

أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ كَانُوا أَكْثَرَ مِنْهُمْ وَأَشَدَّ قُوَّةً
وَآثَارًا فِي الْأَرْضِ فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَكْسِبُونَ

کیا ان لوگوں نے زمین میں سیر نہیں کی
تاکہ دیکھتے جو لوگ ان سے پہلے تھے
ان کا انجام کیسا ہوا۔ (حالانکہ)
وہ ان سے کہیں زیادہ طاقتور اور زمین
میں نشانات (بنانے) کے اعتبار سے
بہت بڑھ کر تھے۔ تو جو کچھ وہ کرتے
تھے وہ ان کے کچھ کام نہ آیا

Quran 40-82

فَلَمَّا جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ فَرِحُوا بِمَا عِنْدَهُمْ مِنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ

اور جب ان کے پیغمبر ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے تو جو علم (اپنے خیال میں) ان کے پاس تھا اس پر اترانے لگے اور جس چیز سے تمسخر کیا کرتے تھے اس نے ان کو آ گھیرا

Quran 40-83

فَلَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا قَالُوا آمَنَّا بِاللَّهِ وَحْدَهُ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهِ مُشْرِكِينَ

پھر جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا تو کہنے لگے کہ ہم خدائے واحد پر ایمان لائے اور جس چیز کو اس کے ساتھ شریک بناتے تھے اس سے نامعتقد ہوئے

Quran 40-84

فَلَمْ يَكُ يَنفَعُهُمْ إِيمَانُهُمْ لَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا ۖ سُنَّتَ اللَّهِ الَّتِي قَدْ خَلَتْ فِي عِبَادِهِ ۖ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكَافِرُونَ

لیکن جب وہ ہمارا عذاب دیکھ چکے (اس وقت) ان کے ایمان نے ان کو کچھ بھی فائدہ نہ دیا۔ (یہ) اللہ کی عادت (ہے) جو اس کے بندوں (کے بارے) میں چلی آتی ہے۔ اور وہاں کافر گھاٹے میں پڑ گئے

Quran 40-85

# SURAH 41

# (41/114)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم حمٓ

حٰمٓ

Quran 41-1

تَنْزِیلٌ مِنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ

(یہ کتاب خدائے) رحمٰن ورحیم (کی طرف) سے اُتری ہے

Quran 41-2

كِتَابٌ فُصِّلَتْ آيَاتُهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ

کتاب جس کی آیتیں واضح (المعانی) ہیں
(یعنی) قرآن عربی ان لوگوں کے لئے
جو سمجھ رکھتے ہیں

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 41-3

بَشِيرًا وَنَذِيرًا فَأَعْرَضَ أَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ

جو بشارت بھی سناتا ہے اور خوف بھی دلاتا ہے لیکن ان میں سے اکثروں نے منہ

پھیر لیا اور وہ سنتے ہی نہیں

**Known human behavior**

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 41-4

وَقَالُوا قُلُوبُنَا فِي أَكِنَّةٍ مِمَّا تَدْعُونَا إِلَيْهِ وَفِي
آذَانِنَا وَقْرٌ وَمِنْ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ إِنَّنَا
عَامِلُونَ

اور کہتے ہیں کہ جس چیز کی طرف تم ہمیں
بلاتے ہو اس سے ہمارے دل پردوں میں
ہیں اور ہمارے کانوں میں بوجھ (یعنی
بہراپن) ہے اور ہمارے اور تمہارے
درمیان پردہ ہے تو تم (اپنا) کام
کرو ہم (اپنا) کام کرتے ہیں

Quran 41-5

قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ فَاسْتَقِيمُوا إِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوهُ ۗ وَوَيْلٌ لِلْمُشْرِكِينَ

کہہ دو کہ میں بھی آدمی ہوں جیسے تم۔ (ہاں) مجھ پر یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود خدائے واحد ہے تو سیدھے اسی کی طرف (متوجہ) رہو اور اسی سے مغفرت مانگو اور مشرکوں پر افسوس ہے

Quran 41-6

الَّذِينَ لَا يُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ بِالْآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ

جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور آخرت کے بھی قائل نہیں

Quran 41-7

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ

جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے ان کے لئے (ایسا) ثواب ہے جو ختم ہی نہ ہو

Quran 41-8

قُلْ أَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُونَ بِالَّذِي خَلَقَ الْأَرْضَ فِي يَوْمَيْنِ
وَتَجْعَلُونَ لَهُ أَندَادًا ۚ ذَٰلِكَ رَبُّ الْعَالَمِينَ

کہو کیا تم اس سے انکار کرتے ہو جس نے
زمین کو دو دن میں پیدا کیا۔ اور
(بتوں کو) اس کا مدمقابل بناتے ہو۔
وہی تو سارے جہان کا مالک ہے

Quran 41-9

وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ مِنْ فَوْقِهَا وَبَارَكَ فِيهَا وَقَدَّرَ
فِيهَا أَقْوَاتَهَا فِي أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ سَوَاءً لِلسَّائِلِينَ

اور اسی نے زمین میں اس کے اوپر پہاڑ
بنائے اور زمین میں برکت رکھی اور
اس میں سب سامان معیشت مقرر کیا (سب)
چار دن میں۔ (اور تمام) طلبگاروں
کے لئے یکساں

Quran 41-10

ثُمَّ اسْتَوَىٰ إِلَى السَّمَاءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ
ائْتِيَا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا قَالَتَا أَتَيْنَا طَائِعِينَ

پھر آسمان کی طرف متوجہ ہوا اور وہ دھواں
تھا تو اس نے اس سے اور زمین سے
فرمایا کہ دونوں آؤ (خواہ) خوشی سے
خواہ ناخوشی سے۔ انہوں نے کہا کہ
ہم خوشی سے آتے ہیں

Quran 41-11

فَقَضَاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ فِي يَوْمَيْنِ وَأَوْحَىٰ فِي كُلِّ سَمَاءٍ
أَمْرَهَا ۚ وَزَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَحِفْظًا ۚ
ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ

پھر دو دن میں سات آسمان بنائے اور ہر آسمان میں اس (کے کام) کا حکم بھیجا اور ہم نے آسمان دنیا کو چراغوں (یعنی ستاروں) سے مزین کیا اور (شیطانوں سے) محفوظ رکھا۔ یہ زبردست (اور) خبردار کے (مقرر کئے ہوئے) اندازے ہیں

Quran 41-12

فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنْذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً مِثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ

پھر اگر یہ منہ پھیر لیں تو کہہ دو کہ
میں تم کو ایسے چنگھاڑ (کے عذاب)
سے آگاہ کرتا ہوں جیسے عاد اور ثمود
پر چنگھاڑ (کا عذاب آیا تھا)

Quran 41-13

إِذْ جَاءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ
أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ ۖ قَالُوا لَوْ شَاءَ رَبُّنَا لَأَنْزَلَ
مَلَائِكَةً فَإِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُمْ بِهِ كَافِرُونَ

جب ان کے پاس پیغمبر ان کے آگے اور پیچھے
سے آئے کہ اللہ کے سوا (کسی کی)
عبادت نہ کرو۔ کہنے لگے کہ اگر ہمارا
پروردگار چاہتا تو فرشتے اُتار دیتا
سو جو تم دے کر بھیجے گئے ہو ہم
اس کو نہیں مانتے

Quran 41-14

فَأَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوا فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوا
مَنْ أَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ۖ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِي
خَلَقَهُمْ هُوَ أَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۖ وَكَانُوا بِآيَاتِنَا
يَجْحَدُونَ

جو عاد تھے وہ ناحق ملک میں غرور کرنے
لگے اور کہنے لگے کہ ہم سے بڑھ کر
قوت میں کون ہے؟ کیا انہوں نے نہیں
دیکھا کہ اللہ جس نے ان کو پیدا کیا
وہ ان سے قوت میں بہت بڑھ کر ہے۔ اور
وہ ہماری آیتوں سے انکار کرتے رہے

Quran 41-15

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي أَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيقَهُمْ
عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَلَعَذَابُ
الْآخِرَةِ أَخْزَىٰ ۖ وَهُمْ لَا يُنصَرُونَ

الله

تو ہم نے بھی ان پر نحوست کے دنوں میں
زور کی ہوا چلائی تاکہ ان کو دنیا
کی زندگی میں ذلت کے عذاب کا مزہ چکھا
دیں۔ اور آخرت کا عذاب تو بہت ہی
ذلیل کرنے والا ہے اور (اس روز) ان
کو مدد بھی نہ ملے گی

Quran 41-16

وَأَمَّا ثَمُودُ فَهَدَيْنَاهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمَىٰ عَلَى الْهُدَىٰ
فَأَخَذَتْهُمْ صَاعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُونِ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ

اور جو ثمود تھے ان کو ہم نے سیدھا رستہ
دکھا دیا تھا مگر انہوں نے ہدایت
کے مقابلے میں اندھا دھند رہنا پسند
کیا تو ان کے اعمال کی سزا میں کڑک
نے ان کو آپکڑا۔ اور وہ ذلت کا عذاب
تھا

Quran 41-17

وَنَجَّيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ

اور جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے
رہے ان کو ہم نے بچا لیا

Quran 41-18

وَيَوْمَ يُحْشَرُ أَعْدَاءُ اللَّهِ إِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوزَعُونَ

اور جس دن اللہ کے دشمن دوزخ کی طرف چلائے
جائیں گے تو ترتیب وار کرلیئے
جائیں گے

Quran 41-19

حَتَّىٰ إِذَا مَا جَاءُوهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَأَبْصَارُهُمْ وَجُلُودُهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ

یہاں تک کہ جب اس کے پاس پہنچ جائیں گے تو ان کے کان اور آنکھیں اور چمڑے (یعنی دوسرے اعضا) ان کے خلاف ان کے اعمال کی شہادت دیں گے

Quran 41-20

وَقَالُوا لِجُلُودِهِمْ لِمَ شَهِدْتُمْ عَلَيْنَا ۖ قَالُوا أَنْطَقَنَا
اللَّهُ الَّذِي أَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَهُوَ خَلَقَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ
وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ

اور وہ اپنے چمڑوں (یعنی اعضا) سے کہیں
گے کہ تم نے ہمارے خلاف کیوں شہادت
دی؟ وہ کہیں گے کہ جس اللہ نے سب
چیزوں کو نطق بخشا اسی نے ہم کو بھی
گویائی دی اور اسی نے تم کو پہلی بار
پیدا کیا تھا اور اسی کی طرف تم
کو لوٹ کر جانا ہے

Quran 41-21

وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا
أَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُودُكُمْ وَلَكِنْ ظَنَنْتُمْ أَنَّ اللَّهَ
لَا يَعْلَمُ كَثِيرًا مِمَّا تَعْمَلُونَ

اور تم اس (بات کے خوف) سے تو پردہ نہیں
کرتے تھے کہ تمہارے کان اور تمہاری
آنکھیں اور چمڑے تمہارے خلاف شہادت
دیں گے بلکہ تم یہ خیال کرتے تھے
کہ اللہ کو تمہارے بہت سے عملوں کی
خبر ہی نہیں

Quran 41-22

وَذَٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِي ظَنَنتُم بِرَبِّكُمْ أَرْدَاكُمْ فَأَصْبَحْتُم مِّنَ الْخَاسِرِينَ

اور اسی خیال نے جو تم اپنے پروردگار کے بارے میں رکھتے تھے تم کو ہلاک کردیا اور تم خسارہ پانے والوں میں ہوگئے

Quran 41-23

فَإِنْ يَصْبِرُوا فَالنَّارُ مَثْوًى لَهُمْ ۖ وَإِنْ يَسْتَعْتِبُوا فَمَا هُمْ مِنَ الْمُعْتَبِينَ

اب اگر یہ صبر کریں گے تو ان کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ اور اگر توبہ کریں گے تو ان کی توبہ قبول نہیں کی جائے گی

Quran 41-24

وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَاءَ فَزَيَّنُوا لَهُمْ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِي أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا خَاسِرِينَ

اور ہم نے (شیطانوں کو) ان کا ہم نشین مقرر کردیا تھا تو انہوں نے ان کے اگلے اور پچھلے اعمال ان کو عمدہ کر دکھائے تھے اور جنات اور انسانوں کی جماعتیں جو ان سے پہلے گذر چکیں ان پر بھی الله (کے عذاب) کا وعدہ پورا ہوگیا۔ بےشک یہ نقصان اٹھانے والے ہیں

Quran 41-25

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَا تَسْمَعُوا لِهَٰذَا الْقُرْآنِ وَالْغَوْا
فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُونَ

## Known human behavior

**Unjust/illogical people?**

اور کافر کہنے لگے کہ اس قرآن کو سنا
ہی نہ کرو اور (جب پڑھنے لگیں تو)
شور مچا دیا کرو تاکہ تم غالب رہو

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 41-26

فَلَنُذِيقَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا عَذَابًا شَدِيدًا وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ
أَسْوَأَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ

**illogical people**

سو ہم بھی کافروں کو سخت عذاب کے مزے
چکھائیں گے اور ان کے برے عملوں کی
جو وہ کرتے تھے سزا دیں گے

Quran 41-27

ذَٰلِكَ جَزَاءُ أَعْدَاءِ اللَّهِ النَّارُ ۖ لَهُمْ فِيهَا دَارُ الْخُلْدِ ۖ جَزَاءً بِمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا يَجْحَدُونَ

یہ اللہ کے دشمنوں کا بدلہ ہے (یعنی) دوزخ۔ ان کے لئے اسی میں ہمیشہ کا گھر ہے۔ یہ اس کی سزا ہے کہ ہماری آیتوں سے انکار کرتے تھے

Quran 41-28

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا رَبَّنَا أَرِنَا اللَّذَيْنِ أَضَلَّانَا مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ أَقْدَامِنَا لِيَكُونَا مِنَ الْأَسْفَلِينَ

**Known Jinn/Human Behavior**

اور کافر کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار جنوں اور انسانوں میں سے جن لوگوں نے ہم کو گمراہ کیا تھا ان کو ہمیں دکھا کہ ہم ان کو اپنے پاؤں کے تلے (روند) ڈالیں تاکہ وہ نہایت ذلیل ہوں

Quran 41-29

إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ

جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر وہ (اس پر) قائم رہے ان پر فرشتے اُتریں گے (اور کہیں گے) کہ نہ خوف کرو اور نہ غمناک ہو اور بہشت کی جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا خوشی مناؤ

Quran 41-30

نَحْنُ أَوْلِيَاؤُكُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ ۖ
وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِي أَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَدَّعُونَ

ہم دنیا کی زندگی میں بھی تمہارے دوست
تھے اور آخرت میں بھی (تمہارے رفیق
ہیں)۔ اور وہاں جس (نعمت) کو تمہارا
جی چاہے گا تم کو (ملے گی) اور جو
چیز طلب کرو گے تمہارے لئے (موجود
ہوگی)

Quran 41-31

نُزُلًا مِنْ غَفُورٍ رَحِيمٍ

(یہ) بخشنے والے مہربان کی طرف سے مہمانی ہے

Quran 41-32

وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلًا مِمَّنْ دَعَا إِلَى اللَّهِ وَعَمِلَ صَالِحًا
وَقَالَ إِنَّنِي مِنَ الْمُسْلِمِينَ

اور اس شخص سے بات کا اچھا کون ہوسکتا
ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور عمل نیک
کرے اور کہے کہ میں مسلمان ہوں

Quran 41-33

وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۚ ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ
أَحْسَنُ فَإِذَا الَّذِي بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ
وَلِيٌّ حَمِيمٌ

اور بھلائی اور برائی برابر نہیں ہوسکتی۔

تو (سخت کلامی کا) ایسے طریق سے
جواب دو جو بہت اچھا ہو (ایسا کرنے
سے تم دیکھو گے) کہ جس میں اور تم
میں دشمنی تھی گویا وہ تمہارا گرم
جوش دوست ہے

**Fundamental principle of Nature**

**Allah's created system**

Quran 41-34

وَمَا يُلَقَّاهَا إِلَّا الَّذِينَ صَبَرُوا وَمَا يُلَقَّاهَا إِلَّا ذُو حَظٍّ عَظِيمٍ

**Known human behaviors**

اور یہ بات ان ہی لوگوں کو حاصل ہوتی ہے جو برداشت کرنے والے ہیں۔ اور ان ہی کو نصیب ہوتی ہے جو بڑے صاحب نصیب ہیں

Quran 41-35

وَإِمَّا يَنزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ ۖ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

اور اگر تمہیں شیطان کی جانب سے کوئی وسوسہ پیدا ہو تو اللہ کی پناہ مانگ لیا کرو۔ بےشک وہ سنتا جانتا ہے

Quran 41-36

وَمِنْ آيَاتِهِ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۚ لَا تَسْجُدُوا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوا لِلَّهِ الَّذِي خَلَقَهُنَّ إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ

اور رات اور دن اور سورج اور چاند اس کی نشانیوں میں سے ہیں۔ تم لوگ نہ تو سورج کو سجدہ کرو اور نہ چاند کو۔ بلکہ اللہ ہی کو سجدہ کرو جس نے ان چیزوں کو پیدا کیا ہے اگر تم کو اس کی عبادت منظور ہے

Quran 41-37

فَإِنِ اسْتَكْبَرُوا فَالَّذِينَ عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُونَ لَهُ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْأَمُونَ ۩

اگر یہ لوگ سرکشی کریں تو (خدا کو بھی ان کی پروا نہیں) جو (فرشتے) تمہارے پروردگار کے پاس ہیں وہ رات دن اس کی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور (کبھی) تھکتے ہی نہیں

**non-stop zikr of Allah**

Quran 41-38

وَمِنْ آيَاتِهِ أَنَّكَ تَرَى الْأَرْضَ خَاشِعَةً فَإِذَا أَنْزَلْنَا
عَلَيْهَا الْمَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ۚ إِنَّ الَّذِي أَحْيَاهَا لَمُحْيِي
الْمَوْتَىٰ ۚ إِنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

اور (اے بندے یہ) اسی کی قدرت کے نمونے
ہیں کہ تو زمین کو دبی ہوئی (یعنی
خشک) دیکھتا ہے۔ جب ہم اس پر پانی
برسا دیتے ہیں تو شاداب ہوجاتی اور
پھولنے لگتی ہے تو جس نے زمین کو زندہ
کیا وہی مردوں کو زندہ کرنے والا
ہے۔ بےشک وہ ہر چیز پر قادر ہے

Quran 41-39

إِنَّ الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي آيَاتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ۗ أَفَمَن يُلْقَىٰ فِي النَّارِ خَيْرٌ أَم مَّن يَأْتِي آمِنًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ ۖ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ

جو لوگ ہماری آیتوں میں کج راہی کرتے ہیں وہ ہم سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ بھلا جو شخص دوزخ میں ڈالا جائے وہ بہتر ہے یا وہ جو قیامت کے دن امن وامان سے آئے۔ (تو خیر) جو چاہو سو کرلو۔

جو کچھ تم کرتے ہو وہ اس کو دیکھ رہا ہے

**Fundamental principle of Nature**

**Allah's created system**

Quran 41-40

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَاءَهُمْ ۖ وَإِنَّهُ لَكِتَابٌ عَزِيزٌ

جن لوگوں نے نصیحت کو نہ مانا جب وہ ان کے پاس آئی۔

اور یہ تو ایک عالی رتبہ کتاب ہے

Quran 41-41

لَا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ ۖ تَنْزِيلٌ مِنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ

اس پر جھوٹ کا دخل نہ آگے سے ہوسکتا ہے نہ پیچھے سے۔ (اور) دانا (اور) خوبیوں والے (خدا) کی اُتاری ہوئی ہے

Quran 41-42

مَا يُقَالُ لَكَ إِلَّا مَا قَدْ قِيلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ وَذُو عِقَابٍ أَلِيمٍ

تم سے وہی باتیں کہیں جاتی ہیں جو تم سے پہلے اور پیغمبروں سے کہی گئی تھیں۔ بےشک تمہارا پروردگار بخش دینے والا بھی اور عذاب الیم دینے والا بھی ہے

Quran 41-43

وَلَوْ جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا أَعْجَمِيًّا لَقَالُوا لَوْلَا فُصِّلَتْ
آيَاتُهُ ۖ أَأَعْجَمِيٌّ وَعَرَبِيٌّ ۗ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا
هُدًى وَشِفَاءٌ ۖ وَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ فِي آذَانِهِمْ وَقْرٌ وَهُوَ
عَلَيْهِمْ عَمًى ۚ أُولَٰئِكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَكَانٍ بَعِيدٍ

اور اگر ہم اس قرآن کو غیر زبان عرب
میں (نازل) کرتے تو یہ لوگ کہتے کہ
اس کی آیتیں (ہماری زبان میں) کیوں
کھول کر بیان نہیں کی گئیں۔ کیا (خوب
کہ قرآن تو) عجمی اور (مخاطب) عربی۔
کہہ دو کہ جو ایمان لاتے ہیں ان
کے لئے (یہ) ہدایت اور شفا ہے۔ اور
جو ایمان نہیں لاتے ان کے کانوں میں
گرانی (یعنی بہراپن) ہے اور یہ ان
کے حق میں (موجب) نابینائی ہے۔ گرانی
کے سبب ان کو (گویا) دور جگہ سے آواز
دی جاتی ہے

**Listening/Reading Quran without understanding/translation?**

Quran 41-44

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَاخْتُلِفَ فِيهِ ۗ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۚ وَإِنَّهُمْ لَفِي شَكٍّ مِنْهُ مُرِيبٍ

اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تو اس میں اختلاف کیا گیا۔ اور اگر تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک بات پہلے نہ ٹھہر چکی ہوتی تو ان میں فیصلہ کردیا جاتا۔ اور یہ اس (قرآن) سے شک میں الجھ رہے ہیں

Quran 41-45

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ أَسَاءَ فَعَلَيْهَا ۗ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِلْعَبِيدِ

جو نیک کام کرے گا تو اپنے لئے۔ اور جو برے کام کرے گا تو ان کا ضرر اسی کو ہوگا۔

اور

تمہارا پروردگار بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں

**Fundamental principles of Nature**

**Allah's created system**

Quran 41-46

إِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرَاتٍ مِنْ
أَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنْثَىٰ وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِ ۚ
وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ أَيْنَ شُرَكَائِي قَالُوا آذَنَّاكَ مَا
مِنَّا مِنْ شَهِيدٍ

قیامت کے علم کا حوالہ اسی کی طرف دیا
جاتا ہے (یعنی قیامت کا علم اسی کو
ہے) اور نہ تو پھل گا بھوں سے نکلتے
ہیں اور نہ کوئی مادہ حاملہ ہوتی
اور نہ جنتی ہے مگر اس کے علم سے۔
اور جس دن وہ ان کو پکارے گا (اور کہے
گا) کہ میرے شریک کہاں ہیں تو وہ
کہیں گے کہ ہم تجھ سے عرض کرتے ہیں
کہ ہم میں سے کسی کو (ان کی) خبر ہی
نہیں

Quran 41-47

وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَدْعُونَ مِنْ قَبْلُ ۖ وَظَنُّوا مَا لَهُمْ مِنْ مَحِيصٍ

اور جن کو پہلے وہ (خدا کے سوا) پکارا کرتے تھے (سب) ان سے غائب ہوجائیں گے اور وہ یقین کرلیں گے کہ ان کے لئے مخلصی نہیں

Quran 41-48

لَا يَسْأَمُ الْإِنْسَانُ مِنْ دُعَاءِ الْخَيْرِ وَإِنْ مَسَّهُ الشَّرُّ فَيَئُوسٌ قَنُوطٌ

انسان بھلائی کی دعائیں کرتا کرتا تو تھکتا نہیں اور اگر تکلیف پہنچ جاتی ہے تو ناامید ہوجاتا اور آس توڑ بیٹھتا ہے

Quran 41-49

وَلَئِنْ أَذَقْنَاهُ رَحْمَةً مِنَّا مِنْ بَعْدِ ضَرَّاءَ مَسَّتْهُ
لَيَقُولَنَّ هَٰذَا لِي وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً وَلَئِنْ رُجِعْتُ
إِلَىٰ رَبِّي إِنَّ لِي عِنْدَهُ لَلْحُسْنَىٰ ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ
الَّذِينَ كَفَرُوا بِمَا عَمِلُوا وَلَنُذِيقَنَّهُمْ مِنْ عَذَابٍ
غَلِيظٍ

اور اگر تکلیف پہنچنے کے بعد ہم اس کو
اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو کہتا
ہے کہ یہ تو میرا حق تھا اور میں
نہیں خیال کرتا کہ قیامت برپا ہو۔
اور اگر (قیامت سچ مچ بھی ہو اور)
میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا بھی
جاؤں تو میرے لئے اس کے ہاں بھی خوشحالی
ہے۔ پس کافر جو عمل کیا کرتے
وہ ہم ان کو ضرور جتائیں گے اور ان
کو سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے

وَإِذَا أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنسَانِ أَعْرَضَ وَنَأَىٰ بِجَانِبِهِ
وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُو دُعَاءٍ عَرِيضٍ

اور جب ہم انسان پر کرم کرتے ہیں تو منہ موڑ لیتا ہے اور پہلو پھیر کر چل دیتا ہے۔ اور جب اس کو تکلیف پہنچتی ہے تو لمبی لمبی دعائیں کرنے لگتا ہے

Quran 41-51

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهِ
مَنْ أَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ

کہو کہ بھلا دیکھو اگر یہ (قرآن) خدا
کی طرف سے ہو پھر تم اس سے انکار کرو
تو اس سے بڑھ کر کون گمراہ ہے جو
(حق کی) پرلے درجے کی مخالفت میں ہو

Quran 41-52

سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنْفُسِهِمْ حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ الْحَقُّ ۗ أَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ أَنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ

ہم عنقریب ان کو اطراف (عالم) میں بھی اور خود ان کی ذات میں بھی اپنی نشانیاں دکھائیں گے یہاں تک کہ ان پر ظاہر ہوجائے گا کہ (قرآن) حق ہے۔ کیا تم کو یہ کافی نہیں کہ تمہارا پروردگار ہر چیز سے خبردار ہے


Quran 41-53

أَلَا إِنَّهُمْ فِي مِرْيَةٍ مِنْ لِقَاءِ رَبِّهِمْ ۗ أَلَا إِنَّهُ
بِكُلِّ شَيْءٍ مُحِيطٌ

دیکھو یہ اپنے پروردگار کے روبرو حاضر ہونے سے شک میں ہیں۔ سن رکھو کہ وہ ہر چیز پر احاطہ کئے ہوئے ہے

Quran 41-54

الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ




Quran 55-5